


# ٱلۡجَاثِيَة Al-Jasiah

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

**In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful**

## Name

**The name *Al-Jasiah* is derived from the sentence *wa tartt kullu ummat-in jathiyat-un* of verse 28, implying thereby that it is the Surah in which the word *jasiah* has occurred.**

## Period of Revelation

**The period of the revelation of this Surah has not been mentioned in any authentic tradition, but its subject matter clearly shows that it was revealed consecutively after Surah Ad-Dukhan. The close resemblance between the contents of the two Surahs makes them look like the twin Surahs.**

## Subject Matter and Topics

**It answers the doubts and objections of the disbelievers of Makkah about Tauhid and the Hereafter and warns them of their attitude that they had adopted against the message of the Quran.**

**The discourse begins with the arguments for Tauhid. In this connection, reference has been made to the countless signs that are found in the world, from man's own body to the earth and heavens, and it is pointed out that everywhere around him man finds things which testify to Tauhid which he refuses to acknowledge. If man sees carefully the variety of animals, the day and night, the rainfall and the vegetation thereby, the winds and his own creation, and ponders over them intelligently, without prejudice, he will find these signs sufficiently convincing of the truth that this universe is not Godless, nor under the control of many gods, but it has been created by One God, and He alone is its Controller and Ruler. However, the case of the person who is determined not to acknowledge and wants to remain involved in doubts and suspicions is different. He cannot be blessed with the faith and conviction from anywhere in the world.**

**A little below, in the beginning of the second section, it has been reiterated that the things man is exploiting in the world, and the countless forces and agencies that are serving his interests in the universe, did not come into being just accidentally, nor have they been provided by the gods and goddesses, but it is One God alone, Who has supplied and subjected these to him from Himself. If only a person uses his mind properly and rightly, his own intellect will**

**proclaim that God alone is man's real Benefactor and He alone deserves that man should pay obeisance to Him.**

**After this, the disbelievers of Makkah have been taken to task and reproved for their stubbornness, arrogance, mockery and insistence on disbelief with which they were resisting the invitation of the Quran they have been warned that this Quran has brought the same blessing which had been granted to the children of Israel before, by virtue of which they became distinguished above all the people of the world. Then, when they failed to recognize the true worth of this blessing and disputed their religion and lost it, this blessing now has been sent to the Arabs. This is such a code of guidance which shows the clear pathway of religion to man. The people who would turn it down by their own folly, would only prepare for their own doom, and only such people would become worthy of God's succor and mercy who would adopt obedience to it and lead a life of piety and righteousness.**

**In this connection, the followers of the Prophet (peace be upon him) have been instructed that they should forbear and pardon the absurd and foolish behavior towards them of the people fearless of God, for if they showed patience, God Himself would deal with their opponents and would reward them for their fortitude.**

**Then, there is a criticism of the erroneous ideas that the disbelievers hold about the Hereafter. They said that life was only this worldly life and there was no Hereafter. Man dies in the course of time just as a watch stops functioning suddenly. The body is not survived by any soul, which**

**might be seized and then breathed again into the human body some time in the future. In this regard, they challenged the Prophet (peace be upon him), saying: If you lay a claim to this, then raise our dead forefathers back to life. In answer to this, Allah has given the following arguments:**

**1. You do not say this on the basis of any knowledge but are uttering this grave thing on the basis of conjecture. Do you really have the knowledge that there is no other life after death, and the souls are not seized but are annihilated?**

**2. Your claim rests mainly on this that you have not seen any dead person rising back to life and returning to the world. Is this basis strong enough for a person to make a claim that the dead people will never rise to life? When you do not experience and observe a thing, does it mean that you have the knowledge that it does not exist at all?**

**3. It is utterly against reason and justice that the good and the bad, the obedient and the disobedient, the oppressor and the oppressed, should be made equal ultimately. Neither a good act should bear a good result nor an evil act an evil result. Neither the grievances of the oppressed be redressed nor the oppressor be punished, but everyone should meet with the same fate ultimately. Whoever has formed this view about the universe of God, has formed a patently wrong view. The unjust and wicked people adopt this view because they do not want to face the evil results of their deeds, but this world of God is not a lawless kingdom; it is rather a system based on the truth, in which there can**

be no question of the injustice of regarding the good and the bad as equal.

4. That the creed of the denial of the Hereafter is highly destructive of morals. This is adopted only by such people as are the slaves of their lusts, and for the reason that they should have full freedom to serve their lusts. Then, when they have adopted this creed, it goes on making them more and more perverse till at last their moral sense becomes dead and all avenues of guidance are closed against them.

After giving these arguments Allah says most emphatically: Just as you did not become living of your own accord, but became living by Our power, so you do not die of your own accord, but die when We send death on you. And a time is certainly coming when you will all be gathered together. If you do not believe in this because of your ignorance and folly today, you may not; when the time arrives, you will see for yourself that you are present before your God and your whole book of conduct is ready accurately, which bears evidence against each of your misdeeds. Then you will come to know how dearly has your denial of the Hereafter and your mockery of it cost you.

## نام

آیت 28 کے فقرے وَ تَرٰی کُلَّ اُمَّةٍ جَاثِیَةً ۫ سے ماخوذ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ وہ سورۃ جس میں لفظ جاثیہ آیا ہے۔

## زمانہ نزول

اس سورۃ کا زمانہ نزول بھی کسی معتبر روایت میں بیان نہیں ہوا ہے۔ مگر اس کے مضامین سے صاف محسوس ہوتا ہے کہ یہ سورہ دُخان کے بعد قریبی زمانے میں نازل ہوئی ہے۔ دونوں سورتوں کے مضامین میں ایسی

مشابہت ہے جس سے یہ دونوں جوڑا نظر آتی ہیں۔

## موضوع اور مباحث

اس کا موضوع توحید و آخرت کے متعلق کفار مکہ کے شبہات و اعتراضات کا جواب دینا اور اس رویے پر ان کو متنبہ کرنا ہے جو انہوں نے قرآن کی دعوت کے مقابلے میں اختیار کر رکھا تھا۔

کلام کا آغاز توحید کے دلائل سے کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں انسان کے اپنے وجود سے لے کر زمین و آسمان تک ہر طرف پھیلی ہوئی بے شمار نشانیوں کی طرف اشارہ کر کے بتایا گیا ہے کہ تم جدھر بھی نگاہ اٹھا کر دیکھو، ہر چیز اسی توحید کی شہادت دے رہی ہے جسے ماننے سے تم انکار کر رہے ہو۔ یہ طرح طرح کے حیوانات، یہ شب و روز، یہ بارشیں اور ان سے اگنے والی نباتات، یہ ہوائیں، اور یہ انسان کی اپنی پیدائش، ان ساری چیزوں کو اگر کوئی شخص آنکھیں کھول کر دیکھے اور کسی تعصب کے بغیر اپنی عقل کو سیدھے طریقہ سے استعمال کر کے ان پر غور کرے تو یہ نشانیاں اسے اس امر کا یقین دلانے کے لیے بالکل کافی ہیں کہ یہ کائنات بے خدا نہیں ہے، نہ بہت سے خداؤں کی خدائی میں چل رہی ہے، بلکہ ایک ہی خدا نے اسے بنایا ہے، اور وہی اکیلا اس کا مدبر اور فرماں روا ہے۔ البتہ اس شخص کی بات دوسری ہے جو نہ ماننے کی قسم کھا کر بیٹھ گیا ہو، یا شکوک و شبہات ہی میں پڑے رہنے کا فیصلہ کر چکا ہو۔ اسے دنیا میں کہیں سے بھی یقین و ایمان کی دولت حاصل نہیں ہو سکتی۔

آگے چل کر دوسرے رکوع کی ابتداء میں پھر فرمایا گیا ہے کہ انسان اس دنیا میں جتنی چیزوں سے کام لے رہا ہے، اور جو بے حد و حساب اشیاء اور قوتیں اس کائنات میں اس کے مفاد کی خدمت کر رہی ہیں، وہ آپ سے آپ کہیں سے نہیں آگئی ہیں، نہ دیویوں اور دیوتاؤں نے انہیں فراہم کیا ہے، بلکہ وہ ایک ہی خدا ہے جس نے یہ سب کچھ اپنے پاس سے اس کو بخشا اور اس کے لیے مسخر کر دیا ہے۔ کوئی شخص صحیح غور و فکر سے کام لے تو اس کی اپنی عقل ہی پکار اٹھے گی کہ وہی خدا انسان کا محسن ہے اور اسی کا یہ حق ہے کہ انسان اس کا شکر گزار ہو۔

اس کے بعد کفار مکہ کو اس ہٹ دھرمی، استکبار، استہزاء اور اصرار علی الکفر پر سخت ملامت کی گئی ہے جس سے

وہ قرآن کی دعوت کا مقابلہ کر رہے تھے، اور انہیں خبردار کیا گیا ہے کہ یہ قرآن وہی نعمت لے کر آیا ہے جو پہلے بنی اسرائیل کو دی گئی تھی، جس کی بدولت وہ تمام اقوام عالم پر فضیلت کے مستحق ہوئے تھے۔ انہوں نے جب اس نعمت کی ناقدری کی اور دین میں اختلاف کر کے اسے کھو دیا، تو اب یہ دولت تمہارے ہاں بھیجی گئی ہے۔ یہ ایک ایسا ہدایت نامہ ہے جو دین کی صاف شاہراہ انسان کو دکھاتا ہے۔ جو لوگ اپنی جہالت و حماقت سے اس کو رد کریں گے وہ اپنی ہی تباہی کا سامان کریں گے۔ اور خدا کی تائید و رحمت کے مستحق صرف وہ لوگ ہوں گے جو اس کی پیروی قبول کر کے تقویٰ کی روش پر قائم ہو جائیں۔

اسی سلسلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متبعین کو ہدایت کی گئی ہے کہ یہ خدا سے بے خوف لوگ تمہارے ساتھ جو بیہودگیاں کر رہے ہیں ان پر درگزر اور تحمل سے کام لو۔ تم صبر کرو گے تو خدا خود ان سے نمٹے گا اور تمہیں اس صبر کا اجر عطا فرمائے گا۔

پھر عقیدہ آخرت کے متعلق کفار کے جاہلانہ خیالات پر کلام کیا گیا ہے۔ وہ کہتے تھے کہ زندگی بس اسی دنیا کی زندگی ہے، اس کے بعد کوئی دوسری زندگی نہیں ہے۔ ہم گردش ایام سے بس اسی طرح مرتے ہیں جس طرح ایک گھڑی چلتے چلتے رک جائے۔ موت کے بعد کوئی روح باقی نہیں رہتی جسے قبض کیا جاتا ہو اور پھر کسی وقت دوبارہ لا کر انسانی جسم میں پھونک دیا جائے۔ اس چیز کا اگر تمہیں دعویٰ ہے تو ہمارے مرے ہوئے آبا و اجداد کو زندہ کر کے دکھاؤ۔ اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے پے در پے چند دلائل ارشاد فرمائے ہیں:
ایک یہ کہ تم یہ بات کسی علم کی بنا پر نہیں کہہ رہے ہو بلکہ محض گمان کی بنیاد پر اتنا بڑا حکم لگا بیٹھے ہو۔ کیا فی الواقع تمہیں یہ علم ہے کہ مرنے کے بعد کوئی دوسری زندگی نہیں ہے اور روحیں قبض نہیں کی جاتیں بلکہ فنا ہو جاتی ہیں؟

دوسرے یہ کہ تمہارے اس دعوے کی بنیاد زیادہ سے زیادہ بس یہ ہے کہ تم نے کسی مرنے والے کو اٹھ کر دنیا میں آتے نہیں دیکھا ہے۔ کیا یہ بات اتنا بڑا دعویٰ کر دینے کے لیے کافی ہے کہ مرنے والے پھر کبھی نہیں اٹھیں گے؟ کیا تمہارے تجربے اور مشاہدے میں کسی چیز کا نہ آنا یہ معنی رکھتا ہے کہ تمہیں اس چیز کے نہ ہونے کا علم حاصل ہے؟

تیسرے یہ کہ یہ بات سراسر عقل اور انصاف کے خلاف ہے کہ نیک اور بد، فرمانبردار اور نافرمان، ظالم اور مظلوم، آخر کار سب یکساں کر دیے جائیں، کسی بھلائی کا کوئی اچھا نتیجہ اور کسی برائی کا کوئی برا نتیجہ نہ نکلے، نہ کسی مظلوم کی داد رسی ہو اور نہ کوئی ظالم اپنے کیے کی سزا پائے، بلکہ سب ایک ہی انجام سے دوچار ہوں۔ خدا کی اس کائنات کے متعلق جس نے یہ تصور قائم کیا ہے اس نے بڑا ہی غلط تصور قائم کیا ہے۔ اس تصور کو ظالم اور بدکار لوگ تو اس لیے اختیار کرتے ہیں کہ وہ اپنے افعال کا برا نتیجہ نہیں دیکھنا چاہتے، لیکن خدا کی یہ خدائی اندھیر نگری نہیں ہے بلکہ یہ ایک برحق نظام ہے جس میں نیک و بد کو بالآخر یکساں کر دینے کا ظلم ہرگز نہیں ہو سکتا۔

چوتھے یہ کہ انکار آخرت کا عقیدہ اخلاق کے لیے سخت تباہ کن ہے۔ اس کو اختیار وہی لوگ کرتے ہیں جو اپنے نفس کے بندے بنے ہوئے ہیں، اور اس لیے کرتے ہیں کہ انہیں بندگیٔ نفس کی کھلی چھوٹ مل جائے۔ پھر جب وہ اس عقیدے کو اختیار کر لیتے ہیں تو یہ انہیں گمراہ سے گمراہ تر کرتا چلا جاتا ہے، یہاں تک کہ ان کی اخلاقی حِس بالکل مردہ ہو جاتی ہے اور ہدایت کے تمام دروازے ان کے لیے بند ہو جاتے ہیں۔

یہ دلائل دینے کے بعد اللہ تعالیٰ پورے زور کے ساتھ فرماتا ہے کہ جس طرح تم آپ سے آپ زندہ نہیں ہو گئے ہو، بلکہ ہمارے زندہ کرنے سے زندہ ہوئے ہو، اسی طرح تم آپ سے آپ نہیں مر جاتے، بلکہ ہماری موت دینے سے مرتے ہو، اور ایک وقت یقیناً ایسا آنا ہے جب تم سب بیک وقت جمع کیے جاؤ گے۔ اس بات کو اگر آج تم اپنی جہالت و نادانی سے نہیں مانتے تو نہ مانو، جب وہ وقت آ جائے گا تو تم خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لو گے کہ اپنے خدا کے حضور پیش ہو اور تمہارا پورا نامہ اعمال بے کم و کاست تیار ہے جو تمہارے ایک ایک کرتوت کی شہادت دے رہا ہے۔ اس وقت تم کو معلوم ہو جائے گا کہ عقیدہ آخرت کا یہ انکار اور اس کا یہ مذاق جو تم اُڑا رہے ہو، تمہیں کس قدر مہنگا پڑا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ | In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful. |
| حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ | حٰمٓ ۔ | 1. Ha. Mim. |

| | | |
|---|---|---|
| 2. The revelation of the Book is from Allah, the All Mighty, the All Wise. *1 | نزول اس کتاب کا اللہ کیطرف سے ہے ۔ غالب حکمت والا ۔ *1 | تَنۡزِیۡلُ الۡکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَکِیۡمِ ﴿۲﴾ |

*1 In this brief introduction to the Surah, the listeners have been warned of two things:

(1) That this Book is not the composition of Muhammad (peace be upon him) himself, but it is being sent down to him by Allah.

(2) That it is being sent down by that Allah Who is All-Mighty as well as All-Wise. His being the Almighty demands that man should not dare disobey His commands, for if he disobeys Him, he cannot escape His punishment. And His being the All-Wise demands that man should obey and follow His Guidance and His commands with full satisfaction and willingness of the heart, for there can be no possibility of His teachings being wrong or inadequate or harmful in any way.

*1 یہ اس سورۃ کی مختصر تمہید ہے جس میں سامعین کو دو باتوں سے خبردار کیا گیا ہے۔ ایک یہ کہ کتاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اپنی تصنیف نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان پر نازل ہو رہی ہے۔ دوسرے یہ کہ اسے وہ خدا نازل کر رہا ہے جو زبردست بھی ہے اور حکیم بھی۔ اس کا زبردست ہونا اس بات کا متقاضی ہے کہ انسان اس کے فرمان سے سرتابی کی جرأت نہ کرے، کیونکہ نافرمانی کر کے وہ اس کی سزا سے کسی طرح بچ نہیں سکتا۔ اور اس کا حکیم ہونا اس کا متقاضی ہے کہ انسان پورے اطمینان کے ساتھ برضا و رغبت اس کی ہدایات اور اس کے احکام کی پیروی کرے، کیونکہ اس کی کسی تعلیم کے غلط یا نامناسب یا نقصان دہ ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 3. Indeed, in the heavens and the earth are signs for the believers. *2 | بیشک آسمانوں میں اور زمین میں نشانیاں ہیں ایمان والوں کے لئے *2 ۔ | اِنَّ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ لَاٰیٰتٍ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ؕ ﴿۳﴾ |

*2 To begin the discourse like this after the introduction, indicates that in the background there are the objections of the people of Makkah, which they were raising against the teachings of the Prophet (peace be upon him). They said: After all, how can we believe this one man when he says that all those great beings to whose shrines we have been dedicated and devoted so far, are nothing and that Godhead belongs to only One God? About this it is being said that the world is replete with the signs of the reality to which they are being invited. If only they saw with open eyes, they would find those signs in themselves and outside them everywhere, which testify that this whole universe is the creation of One and only One God, and He alone is its Master and Ruler and Controller. It didn't need to be pointed out what was the nature of the signs in the earth and heavens, for the dispute at that time centered around the point that the polytheists were insisting on believing in other gods and deities besides Allah, and the Quran gave the message that there was neither a god nor a deity beside One God. Therefore, it was apparent by itself from the content that the signs were of the truth of Tauhid and of the refutation of shirk.

As for the sentence: The signs are for those who believe, it means that although the signs are meant for all human beings, only those people can reach the right conclusion

from their observation, who are inclined to believe. As for the heedless people, who live like animals and the stubborn people who are resolved not to believe, the existence and the non-existence of the signs is equal. The splendor and beauty of the garden is for those who can see. A blind man cannot perceive any splendor and beauty, for him even the existence of the garden is meaningless.

2*تمہید کے بعد اصل تقریر کا آغاز اس طرح کرنے سے صاف محسوس ہوتا ہے کہ پس منظر میں اہل مکہ کے وہ اعتراضات ہیں جو وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیش کردہ تعلیم پر کر رہے تھے۔ وہ کہتے تھے کہ آخر محض ایک شخص کے کہنے سے ہم اتنی بڑی بات کیسے مان لیں کہ جن بزرگ ہستیوں کے آستانوں سے آج تک ہماری عقیدتیں وابستہ رہی ہیں وہ سب ہیچ ہیں اور خدائی بس ایک خدا کی ہے۔ اس پر فرمایا جارہا ہے کہ جس حقیقت کو ماننے کی دعوت تمہیں دی جا رہی ہے اس کی سچائی کے نشانات سے تو سارا عالم بھرا پڑا ہے۔ آنکھیں کھول کر دیکھو۔ تمہارے اندر اور تمہارے باہر ہر طرف نشانیاں ہی نشانیاں پھیلی ہوئی ہیں جو شہادت دے رہی ہیں کہ یہ ساری کائنات ایک خدا اور ایک ہی خدا کی تخلیق ہے اور وہی اکیلا اس کا مالک، حاکم اور مدبر ہے۔ یہ کہنے کی ضرورت نہ تھی کہ آسمان وزمین میں نشانیاں کس چیز کی ہیں۔ اس لیے کہ سارا جھگڑا ہی اس وقت اس بات پر چل رہا تھا کہ مشرکین اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرے خداؤں اور معبودوں کو بھی ماننے پر اصرار کر رہے تھے، اور قرآن کی دعوت یہ تھی کہ ایک خدا کے سوا نہ کوئی خدا ہے نہ معبود۔ لہٰذا بے کہے یہ بات آپ ہی آپ موقع و محل سے ظاہر ہو رہی تھی کہ نشانیوں سے مراد توحید کی صداقت اور شرک کے باطل ہونے کی نشانیاں ہیں۔

پھر یہ جو فرمایا کہ ”یہ نشانیاں ایمان لانے والوں کے لیے ہیں“ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگرچہ بجائے خود تو یہ نشانیاں سارے ہی انسانوں کے لیے ہیں، لیکن انہیں دیکھ کر صحیح نتیجے پر وہی لوگ پہنچ سکتے ہیں جو ایمان لانے کے لیے تیار ہوں غفلت میں پڑے ہوئے لوگ، جو جانوروں کی طرح جیتے ہیں، اور ہٹ دھرم لوگ، جو نہ ماننے کا تہیہ کئے بیٹھے ہیں، ان کے لیے ان نشانیوں کا ہونا اور نہ ہونا یکساں ہے۔ چمن کی رونق اور اس کا حسن و

جمال تو آنکھوں والے کے لیے ہے۔ اندھا کسی رونق اور کسی حسن و جمال کا ادراک نہیں کر سکتا۔ اس کے لیے چمن کا وجود ہی بے معنی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| وَ فِيْ خَلْقِكُمْ وَ مَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۙ﴿٤﴾ | اور تمہاری تخلیق میں اور جنکو وہ پھیلاتا ہے جانوروں میں۔ نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو یقین کرتے ہیں۔ *3 | 4. And in your creation, and what He scatters of moving creatures are signs for a people with certainty. *3 |

*3 That is, the case of those who have made up their minds not to believe, or of those who have chosen for themselves to remain lost in the blind alleys of doubt, is different, but when those who have not locked up their hearts against belief and conviction, will consider seriously their own creation, the structure of their own body, and the variety of animals found on the earth, they will see countless signs as will leave no doubt in their minds that all this did not come into being without a God, or that it stood in need of more than one God for its creation. (For explanation, see Surah Al-Anaam, Ayats 37-38; Surah An-Nahl, Ayats 5,8; Surah Al-Hajj, Ayat 57; Surah Al-Muminun, Ayats 12-14; Surah Al-Furqan, Ayat 54; Surah Ash-Shuara, Ayats 78-81; Surah An-Naml, Ayat 64; Surah Ar-Room, Ayats 20-21, 54; E.Ns 14 to 18 of Surah As-Sajdah; Surah YaSeen, Ayats 71-73; Surah Az-Zumar, Ayat 6; and E.Ns 97, 98,110 of Surah Al-Mumin).

*3یعنی جو لوگ انکار کا فیصلہ کر چکے ہیں، یا جنھوں نے شک ہی کی بھول بھلیوں میں بھٹکنا اپنے لیے پسند کر لیا ہے ان کا معاملہ تو دوسرا ہے، مگر جن لوگوں کے دل کے دروازے یقین کے لیے بند نہیں ہوئے ہیں وہ

جب اپنی پیدائش پر، اوراپنے وجود کی ساخت پر، اور زمین میں پھیلے ہوئے انواع واقسام کے حیوانات پر غور کی نگاہ ڈالیں گے توانھیں بے شمار علامات ایسی نظر آئیں گی جنھیں دیکھ کر یہ شبہ کرنے کی ادنٰی سی گنجائش بھی نہ رہے گی کہ شاید یہ سب کچھ کسی خدا کے بغیر بن گیا ہو، یا شاید اس کے بنانے میں ایک سے زیادہ خداؤں کا دخل ہو۔ (تشریح کے لیے ملاحظہ ہو سورۃ الانعام آیات 38-37، سورۃ النحل آیات 8-5، سورۃ الحج آیت 57 ،سورۃ المومنون آیات 14-12، سورۃ الفرقان آیت 58 ، سورۃ الشعراء آیات 81-78، سورۃ النمل آیت 64، سورۃ الروم آیات 54 20-21, سورۃ السجدہ حاشیہ 18-14 ، سورۃ یٰس آیات 73-71، سورۃ الزمر آیات 6 سورۃ المومن حاشیہ 97,98,110 )۔

وَاخۡتِلَافِ الَّيۡلِ وَالنَّهَارِ وَمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنۡ رِّزۡقٍ فَاَحۡيَا بِهِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا وَتَصۡرِيۡفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوۡمٍ يَّعۡقِلُوۡنَ ۝٥

اور تبدیل ہونے میں رات اور دن کے *4 اور جو نازل فرمایا اللہ نے آسمان سے رزق میں سے *5 پھر زندہ کیا اس سے زمین کو اسکے مردہ ہونے کے بعد *6 اور ہواؤں کی گردش میں *7 نشانیاں ہیں انلوگوں کے لئے جو عقلمند ہیں۔

5. And the alternation of night and day, *4 and what Allah sent down from the sky of the provision, *5 then revived therewith the earth after its death, *6 and turning about of the winds, *7 are signs for a people who have sense.

*4 The difference of the night and day is a sign because one follows the other with full regularity, because one is bright and the other dark, because over a certain period the day goes on shortening and the night lengthening gradually till the two become equal in duration, then again the day goes on lengthening and the night shortening till the two again

**become equal in duration. These different kinds of variations found in the night and the day and the great aspects of wisdom that accrue from these, are a clear pointer to the fact that the Creator of the sun and the earth and of every thing on the earth is one and that one All-Powerful Being is keeping both these spheres under His control. Such a Being is not deaf and blind and unwise but All-Wise, Who has established this unalterable system and made His earth a suitable place for the countless species of life, which He has created here in the form of vegetables, animals and men. (For explanation, see Surah Younus, Ayat 67, Surah An Naml, Ayat 86; Surah Al-Qasas, Ayats 71-73; Surah Luqman, Ayat 29 and E.N. 50; Surah YaSeen, Ayat 37 and E.N. 32).**

4*رات اور دن کا یہ فرق و اختلاف اس اعتبار سے بھی نشانی ہے کہ دونوں پوری باقاعدگی کے ساتھ ایک دوسرے کے بعد آتے ہیں، اور اس اعتبار سے بھی کہ ایک روشن ہے اور دوسرا تاریک، اور اس اعتبار سے بھی کہ ایک مدت تک بتدریج دن بڑا اور رات چھوٹی ہوتی چلی جاتی ہے، پھر ایک وقت جا کر دونوں برابر ہو جاتے ہیں۔ یہ مختلف قسم کے فرق و اختلاف جو رات اور دن میں پائے جاتے ہیں اور ان سے جو عظیم حکمت وابستہ ہے، وہ اس بات کی صریح علامت ہے کہ سورج اور زمین اور موجودات زمین کا خالق ایک ہی ہے، اور ان دونوں کرّوں کو ایک ہی زبردست اقتدار نے قابو میں رکھا ہے، اور وہ کوئی اندھا بہرا بے حکمت اقتدار نہیں ہے بلکہ ایسا حکیمانہ اقتدار ہے جس نے یہ اٹل حساب قائم کر کے اپنی زمین کو زندگی کی ان بے شمار انواع کے لیے موزوں جگہ بنا دیا ہے جو نباتات، حیوانات اور انسان کی شکل میں اس نے یہاں پیدا کی ہیں۔ (تشریح کے لیے ملاحظہ ہو سورۃ یونس آیت 67، سورۃ النمل آیت 86، سورۃ القصص آیات 71-73، سورۃ لقمان آیت 29، حاشیہ 50 سورۃ یٰس آیت 37، حاشیہ 32)۔

***5 Provision: Rainfall as becomes evident from the following sentence.**

*5 رزق سے مراد یہاں بارش ہے، جیساکہ بعد کے فقرے سے صاف معلوم ہو جاتا ہے۔

*6 For explanation, see Surah Al-Muminun, Ayats 18-20; Surah Al-Furqan, Ayats 48-49; Surah Ash-Shuara, Ayat 7; Surah An-Naml, Ayat 61; Surah Ar-Room, Ayats 24, 48, Surah YaSeen: E.Ns 26 to 31.

*6 تشریح کے لیے ملاحظہ ہو سورۃ المومن آیات 18-20, سورۃ الفرقان آیات 48-49 ، سورۃ الشعراء آیت 7 ، سورۃ النمل آیت 61، سورۃ الروم آیات 28-48، سورۃ یٰس حاشیہ 26-31

*7 The circulation of the winds implies the circulation of the different kinds of winds at different times, on different parts of the earth and at different heights, which cause change of the seasons. What deserves attention is not only that above the surface of the earth there is a thick atmosphere, which contains all those elements needed by living beings for breathing, and this thick covering has kept the earth's population safe from many of the heavenly calamities. Besides, another noteworthy thing is that the air is not just filled inertly in the atmosphere, but it blows occasionally in different ways. Sometimes a cool wind blows and sometimes a hot wind. Sometimes it stops blowing and sometimes it starts blowing. Sometimes it blows soft and sometimes strong, and sometimes it assumes the proportions of a storm. Sometimes a dry wind blows and sometimes a moist wind. Sometimes it brings the rain and sometimes it drives away the clouds. These different kinds of the winds do not blow without a purpose, but under a law and a system, which testifies that this arrangement is based on perfect wisdom, and it is serving great objectives. Then it is deeply related with coolness and heat, which go

**on increasing and decreasing according to the changing conditions and relationships between the earth and the sun. Furthermore, it has a deep relation with the seasonal changes and the distribution of the rain. All these facts proclaim that these arrangements have not been made haphazardly by some blind nature. Nor the sun and the earth and the air and water and vegetation and animals have separate controllers, but inevitably One God alone is the Creator of them all, and it is His Wisdom that has established this system for a great objective, and it is His power that it is functioning regularly according to a pre-ordained law.**

**7***ہواؤں کی گردش سے مراد مختلف اوقات میں زمین کے مختلف حصوں پر اور مختلف بلندیوں پر مختلف ہوائیں چلنا ہے جن سے موسموں کی تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں۔ دیکھنے کی چیز صرف اتنی ہی نہیں ہے کہ زمین کے اوپر ایک وسیع کرہ ہوائی پایا جاتا ہے جس کے اندر وہ تمام عناصر موجود ہیں جو زندہ مخلوقات کو سانس لینے کے لیے درکار ہیں، اور ہوا کے اسی لحاف نے زمین کی آبادی کو بہت سی آفات سماوی سے بچا رکھا ہے۔ اس کے ساتھ دیکھنے کی چیز یہ بھی ہے کہ یہ ہوا محض بالائی فضا میں بھر کر نہیں رہ گئی ہے بلکہ وقتاً فوقتاً مختلف طریقوں سے چلتی رہتی ہے۔ کبھی ٹھنڈی ہوا چلتی ہے اور کبھی گرم۔ کبھی بند ہو جاتی ہے اور کبھی چلنے لگتی ہے۔ کبھی ہلکی چلتی ہے تو کبھی تیز، اور کبھی آندھی اور طوفان کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ کبھی خشک ہوا چلتی ہے اور کبھی مرطوب۔ کبھی بارش لانے والی ہوا چلتی ہے اور کبھی اس کو اڑا لے جانے والی چل پڑتی ہے۔ یہ طرح طرح کی ہوائیں کچھ یوں ہی اندھا دھند نہیں چلتیں بلکہ ان کا ایک قانون اور ایک نظام ہے جو شہادت دیتا ہے کہ یہ انتظام کمال درجہ حکمت پر مبنی ہے اور اس سے بڑے بڑے اہم مقاصد پورے ہو رہے ہیں۔ پھر اس کا بڑا گہرا تعلق اس سردی اور گرمی سے ہے جو زمین اور سورج کے درمیان بدلتی ہوئی مناسبتوں کے مطابق گھٹتی اور بڑھتی رہتی ہے، اور مزید برآں اس کا نہایت گہرا تعلق موسمی تغیرات اور بارشوں کی تقسیم سے بھی ہے۔ یہ ساری چیزیں پکار پکار کر کہہ رہی ہیں کہ کسی اندھی فطرت نے اتفاقاً یہ انتظامات نہیں کر دیے ہیں، نہ

سورج اور زمین اور ہوا اور پانی اور نباتات اور حیوانات کے الگ الگ مدبر ہیں، بلکہ لازماً ایک ہی خدا ان سب کا خالق ہے اور اسی کی حکمت نے ایک مقصد عظیم کے لیے یہ انتظام قائم کیا ہے، اور اسی کی قدرت سے یہ پوری باقاعدگی کے ساتھ ایک مقرر قانون پر چل رہا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَ اللّٰهِ وَ اٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٦﴾ | یہ ہیں آیتیں اللہ کی جو ہم تلاوت کرتے ہیں تمھارے سامنے حق کے ساتھ۔ تو پھر کس بات پر اسکے بعد اللہ اور اسکی آیتوں پر وہ ایمان لائیں گے۔ *8 | 6. These are the verses of Allah which We recite to you with truth. Then in which statement, after Allah and His verses, will they believe. *8 |

*8 That is, when these people have not believed even after Allah's own arguments have been presented for His Existence and His Unity, what else can be there by which they will gain the faith? For Allah's Word is the final thing by which a person can attain to this blessing, and the maximum of the rational arguments that could possibly be given to convince someone of an unseen reality have been presented in this divine Word. In spite of this if a person is bent upon denial, he may persist in his denial, for his denial cannot change the reality.

*8 یعنی جب اللہ کی ہستی اور اس کی وحدانیت پر خود اللہ ہی کے بیان کیے ہوئے یہ دلائل سامنے آجانے کے بعد بھی یہ لوگ ایمان نہیں لاتے تو اب کیا چیز ایسی آسکتی ہے جس سے انہیں دولت ایمان نصیب ہو جائے۔ اللہ کا کلام تو وہ آخری چیز ہے جس کے ذریعہ سے کوئی شخص یہ نعمت پا سکتا ہے۔ اور ایک ان دیکھی حقیقت کا یقین دلانے کے لیے زیادہ سے زیادہ جو معقول دلائل ممکن ہیں وہ اس کلام پاک میں پیش

کردیے گئے ہیں۔ اس کے بعد اگر کوئی نکار ہی کرنے پر تلا ہوا ہو تو انکار کرتا رہے۔ اسکے انکار سے حقیقت نہیں بدل جائے گی۔

| | | |
|---|---|---|
| 7. Woe unto each liar, sinful. | بربادی ہر اسپر جو جھوٹا گنہگار ہے۔ | وَيۡلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيۡمٍۙ ﴿۷﴾ |
| 8. Who hears the verses of Allah recited to him, then persists arrogantly as though he heard them not. *9 So give him tidings of a painful punishment. | سنتا ہے آیتوں کو اللہ کی جو پڑھی جاتی ہیں اسکے سامنے پھر ضد کرتا ہے غرور سے کہ گویا نہیں انکو سنا ۔*9 سو خوشخبری سنا دو اسکو دکھ دینے والے عذاب کی۔ | يَّسۡمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتۡلٰى عَلَيۡهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسۡتَكۡبِرًا كَاَنۡ لَّمۡ يَسۡمَعۡهَا ۚ فَبَشِّرۡهُ بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍ ﴿۸﴾ |

*9 In other words, there is a marked difference between the person who listens to Allah’s revelations sincerely with an open mind and ponders over them seriously and the person who listens to them resolved that he would deny them, and then persists in the resolve already made without any serious thought. If the first person does not believe in the revelations immediately, it does not mean that he wants to remain an unbeliever, but because he wants to have greater satisfaction. Therefore, even if he is taking time to believe, it is just possible that another revelation might enter his heart and he might believe sincerely with full satisfaction. As for the other person, he would never believe in any revelation whatsoever, for he has already locked his heart up to every revelation of Allah. In this state such people generally are involved as are characterized by the following

three qualities:

(1) They are liars; therefore, the truth does not appeal to them.

(2) They are wrongdoers; therefore, it is very hard for them to believe in a teaching or guidance that may impose moral restrictions on them.

(3) They are involved in the conceit that they know everything, and that none can teach them anything; therefore, they do not regard as worthy of attention and consideration Allah's revelations that are recited to them, and it is all the same for them whether they listen to them or not.

9* بالفاظ دیگر فرق اور بہت بڑا فرق ہے اس شخص میں جو نیک نیتی کے ساتھ آیات کو کھلے دل سے سنتا اور سنجیدگی کے ساتھ ان پر غور کرتا ہے، اور اس شخص میں جو انکار کا پیشگی فیصلہ کر کے سنتا ہے اور کسی غور و فکر کے بغیر اپنے اسی فیصلے پر قائم رہتا ہے جو ان آیات کو سننے سے پہلے وہ کر چکا تھا۔ پہلی قسم کا آدمی اگر آج ان آیات کو سن کر ایمان نہیں لا رہا ہے تو اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ وہ کافر رہنا چاہتا ہے، بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ مزید اطمینان کا طالب ہے۔ اس لیے اگر اس کے ایمان لانے میں دیر بھی لگ رہی ہے تو یہ بات عین متوقع ہے کہ کل کوئی دوسری آیت اس کے دل میں اتر جائے اور وہ مطمئن ہو کر مان لے لیکن دوسرے قسم کا آدمی کبھی کوئی آیت سن کر بھی ایمان نہیں لا سکتا۔ کیونکہ وہ پہلے ہی آیات الٰہی کے لیے اپنے دل کے دروازے بند کر چکا ہے۔ اس حالت میں بالعموم وہ لوگ مبتلا ہوتے ہیں جن کے اندر تین صفات موجود ہوتی ہیں۔ ایک یہ کہ وہ جھوٹے ہوتے ہیں، اس لیے صداقت ان کو اپیل نہیں کرتی۔ دوسرے یہ کہ وہ بد عمل ہوتے ہیں، اس لیے کسی ایسی تعلیم و ہدایت کو مان لینا انہیں سخت ناگوار ہوتا ہے جو ان پر اخلاقی پابندیاں عائد کرتی ہو۔ تیسرے یہ کہ وہ اس گھمنڈ میں مبتلا ہوتے ہیں کہ ہم سب کچھ جانتے ہیں ہمیں کوئی کیا سکھائے گا، اس لیے اللہ کی جو آیات انہیں سنائی جاتی ہیں ان کو وہ سرے سے کسی غور فکر کا مستحق ہی نہیں سمجھتے اور ان کے سننے کا حاصل بھی وہی کچھ ہوتا ہے جو نہ سننے کا تھا۔

9. And when he comes to know something of Our verses, he takes them in ridicule. *10 Those, for them is an abasing punishment.

اور جب اسکے علم میں آتی ہیں ہماری آیتوں میں سے کچھ تو اڑاتا ہے انکا مذاق*10۔ یہی لوگ ہیں جنکے لئے ہے عذاب ذلیل کرنے والا۔

وَ اِذَا عَلِمَ مِنۡ اٰيٰتِنَا شَيۡـئَا ۨاتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓـئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ مُّهِيۡنٌ ؕ ﴿۹﴾

*10 That is, he does not rest content with mocking any one particular revelation, but mocks all the revelations. For example, when he hears that a particular thing has been mentioned in the Quran, he does not take it in its straight-forward meaning, but first puts a crooked meaning on it in order to make it a subject of ridicule and mockery, then after making fun of it, says: These are strange things: one daily hears one or the other funny thing from them.

*10 یعنی اس ایک آیت کا مذاق اڑانے پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ تمام آیات کا مذاق اڑانے لگتا ہے۔ مثلاً جب وہ سنتا ہے کہ قرآن میں فلاں بات بیان ہوئی ہے تو اسے سیدھے معنی میں لینے کے بجائے پہلے تو اسی میں کوئی ٹیڑھ تلاش کر کے نکال لاتا ہے تاکہ اسے مذاق کا موضوع بنائے، پھر اس کا مذاق اڑانے کے بعد کہتا ہے: اجی ان کے کیا کہنے ہیں، وہ تو روز ایک سے ایک نرالی بات سنا رہے ہیں، دیکھو فلاں آیت میں انہوں نے یہ دلچسپ بات کہی ہے، اور فلاں آیت کے لطائف کا تو جواب ہی نہیں ہے۔

10. Beyond them is Hell. *11 And will not avail them what they have earned at all, nor what they have taken

انکے پیچھے ہے دوزخ *11۔ اور نہ کام آئے گا انکے جو یہ کماتے رہے ہیں کچھ بھی۔ اور نہ ہی وہ جنکو بنا رکھا تھا انہوں نے سوائے اللہ

مِّنۡ وَّرَآئِهِمۡ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغۡنِىۡ عَنۡهُمۡ مَّا كَسَبُوۡا شَيۡـئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوۡا مِنۡ

| | | |
|---|---|---|
| دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ؕ ﴿۱۰﴾ | کے کارساز۔ *12 اور انکے لئے ہے عذاب عظیم۔ | besides Allah as protecting friends. *12 And for them is a great punishment. |

*11 The word *wara* is used for every such thing as is hidden from man, whether it is before him or behind him. Therefore, another translation can be: They have Hell behind them. In the first case, the meaning would be: They are unconsciously running on this way and have no idea that there is Hell in front of them in which they would fall; in the second case, it would mean: They are engaged in this mischief of theirs, thoughtless of the Hereafter, and they have no idea that Hell is in pursuit of them.

*11 اصل الفاظ ہیں مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ۔ وراء کا لفظ عربی زبان میں ہر اس چیز کے لیے بولا جاتا ہے جو آدمی کی نظر سے اوجھل ہو، خواہ وہ آگے ہو یا پیچھے۔ اس لیے دوسرے ترجمہ ان الفاظ کا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ "ان کے پیچھے جہنم ہے۔" اگر پہلے معنی لیے جائیں تو مطلب یہ ہو گا کہ وہ بے خبر منہ اٹھائے اس راہ پر دوڑے جا رہے ہیں اور انہیں احساس نہیں ہے کہ آگے جہنم ہے جس میں وہ جا کر گرنے والے ہیں۔ دوسرے معنی لینے کی صورت میں مطلب یہ ہو گا کہ وہ آخرت سے بے فکر ہو کر اپنی اس شرارت میں مشغول ہیں اور انہیں پتہ نہیں ہے کہ جہنم ان کے پیچھے لگی ہوئی ہے۔

*12 Here, the word *wali* (guardian) has been used in two meanings:

(1) For those gods and goddesses and living and dead guides about whom the polytheists thought that anybody who was devoted to them, would escape Allah’s punishment, whatever he might have done in the world, for their intercession will save them from Allah’s wrath.

(2) For those chiefs and leaders and rulers whom the people took as their guides and patrons independent of God and followed them blindly and tried to please them even if they had to displease God.

This verse warns all such people that when they will face Hell in consequence of this way of lift, neither of the two kinds of the guardians will come forward to save them from it. (For explanation, see E.N.6 of Surah Ash- Shura).

12*یہاں ولی کا لفظ دو معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ ایک وہ دیویاں اور دیوتا اور زندہ یا مردہ پیشوا جن کے متعلق مشرکین نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ جو شخص اس کا متوسل ہو وہ خواہ دنیا میں کچھ ہی کرتا ہے، خدا کے ہاں اس کی پکڑ نہ ہو سکے گی، کیونکہ ان کی مداخلت اسے خدا کے غضب سے بچا لے گی۔ دوسرے، وہ سردار اور لیڈر اور امراء و حکام جنہیں خدا سے بے نیاز ہوکر لوگ اپنا رہنما اور مطاع بناتے ہیں، اور آنکھیں بند کر کے ان کی پیروی کرتے ہیں، اور انہیں خوش کرنے کے لیے خدا کو نا خوش کرنے میں تامل نہیں کرتے یہ آیت ایسے لوگوں کو خبر دار کرتی ہے کہ جب اس روش کے نتیجے میں جہنم سے ان کو سابقہ پیش آئے گا تو ان دونوں قسم کے سرپرستوں میں سے کوئی بھی انہیں بچانے کے لیے آگے نہ بڑھے گا (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد چہارم تفسیر سورہ الشوریٰ، حاشیہ نمبر6)

| | | |
|---|---|---|
| 11. This is a guidance. And those who disbelieved in the verses of their Lord, for them is a punishment with wrath, full of pain. | یہ ہی ہے ہدایت ۔ اور وہ لوگ جنہوں نے انکار کر دیا آیتوں سے اپنے رب کی انکے لئے ہے عذاب سخت قسم کا درد دینے والا ۔ | هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾ |
| 12. Allah, it is He who has subjected | اللہ وہ ہی ہے جس نے مسخر کر دیا | اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ |

for you the sea, that the ships may sail upon it by His command, *13 and that you may seek of His bounty, *14 and that you may be thankful.

تمہارے لئے سمندر کو تاکہ چلیں کشتیاں اس میں اسکے حکم سے *13 اور تاکہ تم تلاش کرو اسکے فضل کو *14 اور تاکہ تم شکر کرو۔

لِتَجۡرِیَ الۡفُلۡكُ فِیۡهِ بِاَمۡرِهٖ وَ لِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِهٖ وَ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ۚ﴿۱۲﴾

*13 For explanation, see Surah Bani-Israil, Ayats 66-67; Surah Ar-Room, Ayat 46 and the corresponding E.Ns, and E.N. 55 of Surah Luqman; E.N. 110 of Surah Al-Mumin and E.N. 54 of Surah Ash-Shura.

13*تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، سورۃ الاسریٰ آیات 67-66 ، سورۃ الروم آیت 46 ، سورۃ لقمان، حاشیہ 55، سورۃ المومن، حاشیہ۔110، سورۃ الشوریٰ، حاشیہ 54۔

*14 Seek His bounty: Seek lawful provisions by trade, fishing, diving, navigation and other means in the sea.

14*یعنی سمندر میں تجارت، ماہی گیری، غواصی، جہاز رانی اور دوسرے ذرائع سے رزق حلال کرنے کی کوشش کرو۔

13. And He has subjected for you whatever is in the heavens and whateveris on the earth, *15 all of it from Him. *16 Indeed, in that are signs for a people who reflect. *17

اور مسخر کر دیا اسی نے تمہارے لئے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے زمین میں *15 سب کا سب اپنی طرف سے *16۔ بیشک اس میں ہیں نشانیاں انلوگوں کے لئے جو غور کرتے ہیں ۔ *17

وَ سَخَّرَ لَكُمۡ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ جَمِیۡعًا مِّنۡهُ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّتَفَكَّرُوۡنَ ﴿۱۳﴾

***15 For explanation, see Surah Ibrahim, Ayat 32 and E.N. 44 on it, and E.N. 35 of Surah Luqman.**

***15** تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، سورۃ ابراھیم آیت 32 حاشیہ 44، لقمان، حاشیہ 35۔

***16 This sentence has two meanings:**

**(1) This gift and favor of Allah is not like the gift of the worldly kings, who favor their favorites with the wealth that they have collected from the people themselves, but, on the contrary, all the good things in the universe have been created by Allah Himself, and He has granted these to man from Himself.**

**(2) Neither is anyone a partner of Allah in the creation of these good things, nor has anyone anything to do in making them subservient to man. Allah alone is their Creator and He alone has granted these to man from Himself.**

***16** اس فقرے کے دو مطلب ہیں۔ ایک یہ کہ اللہ کا یہ عطیہ دنیاوی بادشاہوں کا سا عطیہ نہیں ہے جو رعیت سے حاصل کیا ہوا مال رعیت ہی میں سے کچھ لوگوں کو بخش دیتے ہیں، بلکہ کائنات کی ساری نعمتیں اللہ کی اپنی پیدا کردہ ہیں اور اس نے اپنی طرف سے یہ انسان کو عطا فرمائی ہیں۔ دوسرے یہ کہ نہ ان کی نعمتوں کے پیدا کرنے میں کوئی اللہ کا شریک، نہ انہیں انسان کے لیے مسخر کرنے میں کسی اور ہستی کا کوئی دخل، تنہا اللہ ہی ان کا خالق بھی ہے اور اسی نے اپنی طرف سے وہ انسان کو عطا کی ہیں۔

***17 That is, in their subjection and in making them beneficial for man, there are many signs for those who think and reflect. These signs clearly point to the truth that the Creator and Master and Administrator of everything and of every power in the universe, from the earth to the heavens, is One God alone Who has subjected them to a law. And that God alone is Lord of man Who has made all**

these things and powers favorable and helpful for man’s life his sustenance, his convenience, his development and his civilization and social life by His power and wisdom and mercy, and that God alone is worthy of man’s service and gratitude and devotion and not some other beings, who have neither any share in creating the things and powers nor anything to do with subjecting them to man and making them beneficial for him.

17*یعنی اس تسخیر میں اور ان چیزوں کو انسان کے لیے نافع بنانے میں غور وفکر کرنے والوں کے لیے بڑی نشانیاں ہیں۔ یہ نشانیاں اس حقیقت کی طرف کھلا کھلا اشارہ کر رہی ہیں کہ زمین سے لے کر آسمانوں تک کائنات کی تمام اشیاء اور قوتوں کا خالق و مالک اور مدبر و منتظم ایک ہی خدا ہے جس نے ان کو ایک قانون کا تابع بنا رکھا ہے۔ اور وہی خدا انسان کا رب ہے جس نے اپنی قدرت اور حکمت اور رحمت سے ان تمام اشیاء اور قوتوں کو انسان کی زندگی،اس کی معیشت، اس کی آسائش، اس کی ترقی اور اس کی تہذیب وتمدن کے لیے ساز گار و مدد گار بنایا ہے۔ اور تنہا وہی خدا انسان کی عبودیت اور شکر گزاری اور نیاز مندی کا مستحق ہے نہ کہ کچھ دوسری ہستیاں جن کے نہ ان اشیاء اور قوتوں کے پیدا کرنے میں کوئی حصہ، نہ انہیں انسان کے لیے مسخر کرنے اور نافع بنانے میں کوئی دخل۔

| | | |
|---|---|---|
| 14. Say to those who believed that they should forgive those who hope not (of the evil) days of Allah, *18 that He may recompense people for what they have earned. *19 | کہدو ان سے جو ایمان لائے کہ درگذر کریں ان لوگوں کو نہیں جو اندیشہ رکھتے اللہ کے (پاس سے برے) دنوں کا *18 تاکہ وہ بدلہ دے لوگوں کو اس کا جو وہ کماتے تھے۔ *19 | قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًۢا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿١٤﴾ |

*18 Literally: Who do not except the days of Allah. But in Arabic usage on such occasions, *ayyam* does not merely mean days but those memorable days in which important historical events may have taken place. For example, the word *ayyam-ul-Arab* is used for the important events of the history of the Arabs and the major battles of the Arab tribes, which the later generations remember for centuries. Here, *ayyam-Allah* implies the evil days of a nation when the wrath of Allah may descend on it and ruin it in consequence of its misdeeds. That is: Those who do not fear the coming of evil days from Allah, i.e. those who do not fear that a day will come when they will be called to account for their actions and deeds, and this same fearlessness has made them bold and stubborn in acts of wickedness.

*18 اصل لفاظ ہیں اَلَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ اَیَّامَ اللّٰہِ ۔ لفظی ترجمہ یہ ہو گا کہ ”جو لوگ اللہ کے دنوں کی توقع نہیں رکھتے“۔ لیکن عربی محاورے میں ایسے مواقع پر ایام سے مراد محض دن نہیں بلکہ وہ یادگار دن ہوتے ہیں جن میں اہم تاریخی واقعات پیش آئے ہوں۔ مثلاً ایام العرب کا لفظ تاریخ عرب کے اہم واقعات اور قبائل عرب کی ان بڑی بڑی لڑائیوں کے لیے بولا جاتا ہے جنہیں بعد کی نسلیں صدیوں تک یاد کرتی رہی ہیں۔ یہاں ایام اللہ سے مراد کسی قوم کے وہ برے دن ہیں جب اللہ کا غضب اس پر ٹوٹ پڑے اور اپنے کرتوتوں کی پاداش میں وہ تباہ کر کے رکھ دی جائے۔ اسی معنی کے لحاظ سے ہم نے اس فقرے کا ترجمہ یہ کیا ہے کہ ”جو لوگ اللہ کی طرف سے برے دن آنے کا کوئی اندیشہ نہیں رکھتے“، یعنی جن کو یہ خیال نہیں ہے کہ کبھی وہ دن بھی آئے گا جب ہمارے ان افعال پر ہماری شامت آئے گی، اور اسی غفلت نے ان کو ظلم و ستم پر دلیر کر دیا ہے۔

*19 The commentators have given two meanings of this

**verse and the words of the verse admit of both:**

**(1) That the believers should pardon the excesses of this wicked group so that Allah may reward them for their patience and forbearance and nobility from Himself and recompense them for the persecutions they have suffered for His sake.**

**(2) That the believers should pardon these people so that Allah may Himself punish them for their persecutions of them.**

**Some other commentators have regarded this verse as repealed. They say that this command was applicable only till the Muslims had not been permitted to fight. Then, when they were permitted to fight, this command became abrogated. But a careful study of the words of the verse shows that the claim about abrogation is not correct. The word "pardon" is never used in the sense that when a person is not able to retaliate upon another for the latter's excesses, he should pardon him, but on such an occasion the usual words are patience and forbearance. Instead of them, when the word "pardon" has been used here, it by itself gives the meaning that the believers, in spite of their ability for retaliation, should refrain from retaliating upon the people for their excesses, whom fearlessness of God has made to transgress all limits of morality and humanity. This command does not contradict those verses in which the Muslims have been permitted to fight. Permission to fight pertains to the condition when the Muslim government has a reasonable ground for taking military action against an unbelieving people, and the command**

**concerning forgiveness and pardon pertains to the common conditions in which the believers have to live in contact with a people who are fearless of God and have to suffer persecutions by them in different ways. The object of this command is that the Muslims should keep their moral superiority and should not stoop to the level of the morally inferior people by indulging in disputes and wrangling with them and resort to retaliation for every frivolity. As long as it is possible to respond to an accusation or objection gently and rationally, or to defend oneself against an excess, one should not refrain from this, but when things seem to be crossing these limits, one should hold his peace and entrust the matter to Allah. If the Muslims themselves become involved in a fight or quarrel with them, Allah will leave them alone to deal with them; but if they pardon and forbear, Allah will Himself deal with the wicked people and reward the oppressed ones for their patience.**

**19***مفسرین نے اس آیت کے دو مطلب بیان کیے ہیں، اور آیت کے الفاظ میں دونوں معنوں کی گنجائش ہے۔ ایک یہ کہ اہل ایمان اس ظالم گروہ کی زیادتیوں پر درگذر سے کام لیں تاکہ اللہ ان کو اپنی طرف سے ان کے صبر و حلم اور ان کی شرافت کی جزا دے اور راہ خدا میں جو اذیتیں انہوں نے برداشت کی ہیں ان کا اجر عطا فرمائے۔

دوسرا مطلب یہ ہے کہ اہل ایمان اس گروہ سے درگذر کریں تاکہ اللہ خود اس کی زیادتیوں کا بدلہ اسے دے۔ بعض مفسرین نے اس آیت کو منسوخ قرار دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ حکم اس وقت تک تھا جب تک مسلمانوں کو جنگ کی اجازت نہ دی گئی تھی۔ پھر جب اس کی اجازت آگئی تو یہ حکم منسوخ ہوگیا۔ لیکن آیت کے الفاظ پر غور کرنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ نسخ کا یہ دعویٰ درست نہیں ہے۔ ”درگذر“ کا لفظ اس

معنی میں کبھی نہیں بولا جاتا کہ جب آدمی کسی کی زیادتیوں کا بدلہ لینے پر قادر نہ ہو تو اس سے درگذر کرے، بلکہ اس موقع پر صبر، تحمل اور برداشت کے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔ ان الفاظ کو چھوڑ کر جب یہاں درگذر کا لفظ استعمال کیا گیا ہے تو اس سے خود بخود یہ مفہوم نکلتا ہے کہ اہل ایمان انتقام کی قدرت رکھنے کے باوجود ان لوگوں کی زیادتیوں کا جواب دینے سے پرہیز کریں جنہیں خدا سے بے خوفی نے اخلاق و آدمیت کی حدیں توڑ ڈالنے پر جری کر دیا ہے۔ اس حکم کا کوئی تعارض ان آیات سے نہیں ہے جن میں مسلمانوں کو جنگ کی اجازت دی گئی ہے۔ جنگ کی اجازت کا تعلق اس حالت سے ہے جب مسلمانوں کی حکومت کسی کافر قوم کے خلاف باقاعدہ کارروائی کرنے کی کوئی معقول وجہ پائے۔ اور عفو و درگذر کا حکم ان عام حالات کے لیے ہے جن میں اہل ایمان کو خدا سے بے خوف لوگوں کے ساتھ کسی نہ کسی طرح سے سابقہ پیش آئے اور وہ انہیں اپنی زبان و قلم اور اپنے برتاؤ سے طرح طرح کی اذیتیں دیں۔ اس حکم کا مقصود یہ ہے کہ مسلمان اپنے مقام بلند سے نیچے اتر کر ان پست اخلاق لوگوں سے الجھنے اور جھگڑنے اور ان کی ہر بیہودگی کا جواب دینے پر نہ اتر آئیں۔ جب تک شرافت اور معقولیت کے ساتھ کسی الزام یا اعتراض کو جواب دینا یا کسی زیادتی کی مدافعت کرنا ممکن ہو، اس سے پرہیز نہ کیا جائے۔ مگر جہاں بات ان حدود سے گزرتی نظر آئے وہاں چپ سادھ لی جائے اور معاملہ اللہ کے سپرد کر دیا جائے۔ مسلمان ان سے خود الجھیں گے تو اللہ ان سے نمٹنے کے لیے انہیں ان کے حال پر چھوڑ دے گا۔ درگذر سے کام لیں گے تو اللہ خود ظالموں سے نمٹے گا اور مظلوموں کو ان کے تحمل کا اجر عطا فرمائے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفۡسِهٖۚ وَمَنۡ اَسَآءَ فَعَلَيۡهَا ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمۡ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۱۵﴾ | جو کوئی کرے گا نیک عمل تو وہ اسکے اپنے لئے ہے۔ اور جو کوئی برائی کریگا تو وہ اسی پر پڑے گی۔ پھر اپنے رب کیطرف تم لوٹا دیے جاؤ گے۔ | 15. Whoever does a righteous deed, it is for his own self. And whoever does wrong, so it is against his own self. Then to your Lord you will be returned. |

| | | |
|---|---|---|
| 16. And certainly We gave the Children of Israel the Book *20 and judgment and prophet hood, and We provided them of good things*21 and favored them above all the peoples. | اور یقیناً ہم نے عطا کیں بنی اسرائیل کو کتاب*20 اور حکم اور نبوت اور ہم نے عطا فرمائیں انہیں پاکیزہ چیزیں*21 اور انکو فضیلت دی سارے لوگوں پر۔ | وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَ الْحُكْمَ وَ النُّبُوَّةَ وَ رَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَ فَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ |

*20 *Hukm* (judgment) implies three things:
(1) Knowledge and understanding of the Book and Religion.
(2) Wisdom to act according to the intention of the Book.
(3) Capability to give right decisions in disputes.

*20 حکم سے مراد تین چیزیں ہیں۔ ایک، کتاب کا علم و فہم اور دین کی سمجھ۔ دوسرے، کتاب کے منشا کے مطابق کام کرنے کی حکمت۔ تیسرے، معاملات میں فیصلہ کرنے کی صلاحیت۔

*21 It does not mean that they were given preference over all the people of the world forever, rather it means: Allah had chosen the children of Israel from among all the contemporary nations of the world for the service that they should hold fast to the divine Book and should rise as the standard bearers of God worship in the world.

*21 یہ مطلب نہیں ہے کہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے انہیں تمام دنیا والوں پر فضیلت عطا کر دی، بلکہ اس کا صحیح مطلب یہ ہے کہ اس زمانے میں دنیا کی تمام قوموں میں سے بنی اسرائیل کو اللہ تعالیٰ نے اس خدمت کے لیے چن لیا تھا کہ وہ کتاب اللہ کے حامل ہوں اور خدا پرستی کے علمبردار بن کر اٹھیں۔

| English | Urdu | Arabic |
|---|---|---|
| 17. And We gave them clear proofs of the commandments. So they did not differ except after what had come to them of the knowledge, through rivalry among themselves. *22 Indeed, your Lord will judge between them on the Day of Resurrection of that wherein they used to differ. | اور ہم نے عطا کیں انکو واضح نشانیاں احکامات کے بارے میں۔ تو نہیں اختلاف کیا انہوں نے مگر اسکے بعد کہ جو آچکا تھا انکے پاس علم۔ ضد میں آپس کی ۔ *22بیشک تمہارا رب فیصلہ کر دے گا انکے درمیان قیامت کے دن ان باتوں کا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے ۔ | وَاٰتَيۡنٰهُمۡ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ ۚ فَمَا اخۡتَلَفُوۡۤا اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ ۙ بَغۡيًاۢ بَيۡنَهُمۡ ؕ اِنَّ رَبَّكَ يَقۡضِىۡ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ فِيۡمَا كَانُوۡا فِيۡهِ يَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿۱۷﴾ |

*22 For explanation, see Surah Al-Baqarah, Ayat 213; Surah Aal-Imran, Ayat 19 and E.Ns 22, 23 of Ash-Shura.

*22تشریح کے لیے ملاحظہ ہو سورۃ البقرہ آیت 213 ، سورۃ آل عمران آیت 19 ، الشوریٰ، حواشی نمبر22۔23۔

| English | Urdu | Arabic |
|---|---|---|
| 18. Then We have set you on a clear way of the commandments, *23 so follow it, and do not follow the desires of those who have no | پھر قائم کر دیا ہم نے تمکو ایک کھلے راستے پر احکامات کے معاملے میں *23 تو تم اسی پر چلو اور اتباع نہ کرو خواہشات کی ان لوگوں کی جو علم نہیں رکھتے۔ | ثُمَّ جَعَلۡنٰكَ عَلٰى شَرِيۡعَةٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ فَاتَّبِعۡهَا وَلَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَ الَّذِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۸﴾ |

knowledge.

*23 It means: The mission that had been entrusted to the children of Israel before you has now been entrusted to you. They, in spite of receiving knowledge, created such differences in religion out of selfish motives and stirred up such divisions among themselves that they became disqualified to call the people to God’s way. Now you have been set upon the clear pathway of religion so that you may perform the service which the children of Israel have failed to perform and became disqualified to perform it. (For further explanation, see Ash-Shura, Ayats 13-15 and E.Ns 20 to 26).

*23 مطلب یہ ہے کہ جو کام پہلے بنی اسرائیل کے سپرد کیا گیا تھا وہ اب تمہارے سپرد کیا گیا ہے۔ انہوں نے علم پانے کے باوجود اپنی نفسا نفسی سے دین میں ایسے اختلافات برپا کیے، اور آپس میں ایسی گروہ بندیاں کر ڈالیں جن سے وہ اس قابل نہ رہے کہ دنیا کو خدا کے راستے پر بلا سکیں۔ اب اسی دین کی صاف شاہراہ پر تمہیں کھڑا کیا گیا ہے تاکہ تم وہ خدمت انجام دو جسے بنی اسرائیل چھوڑ بھی چکے ہیں اور ادا کرنے کے اہل بھی نہیں رہے ہیں۔ (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو، سورۃ الشوریٰ، آیات 13 تا 15 مع حواشی 20 تا 26)

19. Indeed, they will never avail you against Allah at all *24. And indeed the wrong doers, some of them are friends of others. And Allah is the companion of the righteous.

یقیناً یہ ہرگز نہیں کام آئیں گے *24 تمہارے اللہ کے مقابلے میں کچھ بھی۔ اور بیشک ظالم لوگ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھی ہیں۔ اور اللہ ہے دوست متقیوں کا۔

إِنَّهُمْ لَن يُغْنُوا عَنكَ مِنَ اللَّهِ شَيْـًٔا ۚ وَإِنَّ الظَّـٰلِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۖ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ ﴿١٩﴾

*24 That is, if you make any changes in Allah's religion only to please them, they will not be able to save you from Allah's accountability and punishment.

24*یعنی اگر تم انہیں راضی کرنے کے لیے اللہ کے دین میں کسی قسم کا ردو بدل کرو گے تو اللہ کے مواخذہ سے وہ تمہیں نہ بچا سکیں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| 20. These are the lights of discernment for mankind, and a guidance, and a mercy for a people who have certainty.*25 | یہ ہیں بصیرت کی روشنیاں لوگوں کے لئے۔اور ہدایت اور رحمت ہے انلوگوں کے لئے جو یقین رکھتے ہیں۔*25 | هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَ هُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿٢٠﴾ |

*25 That is, this Book and this Shariah present such a light for all the people of the world, which distinguishes the truth from falsehood, but only such people receive any guidance from it who believe in its truth; for them only it is a mercy.

25*مطلب یہ ہے کہ یہ کتاب اور یہ شریعت دنیا کے تمام انسانوں کے لیے وہ روشنی پیش کرتی ہے جو حق اور باطل کا فرق نمایاں کرنے والی ہے۔ مگر اس سے ہدایت وہی لوگ پاتے ہیں جو اس کی صداقت پر یقین لائیں، اور انہی کے حق میں یہ رحمت ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 21. Or do*26 they think those who commit evil deeds that We shall make them as those who believed and did | کیا*26 خیال کرتے ہیں وہ لوگ جو کام کرتے ہیں برائیوں کا کہ ہم کر دیں گے انکو ان لوگوں جیسا جو ایمان لائے اور کرتے رہے نیک اعمال | اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ |

| | | |
|---|---|---|
| righteous deeds. So should be alike their life and their death. Evil is that what they judge.*27 | ۔کہ یکساں ہوگی انکی زندگی اور انکی موت ۔ برا ہے جو وہ حکم لگاتے ہیں ۔ *27 | سَوَآءً مَّحۡيَاهُمۡ وَ مَمَاتُهُمۡ ؕ سَآءَ مَا يَحۡكُمُوۡنَ ﴿۲۱﴾ |

*26 After the invitation to Tauhid, the discourse now turns to the theme of the Hereafter.

*26توحید کی دعوت کے بعد اب یہاں سے آخرت پر کلام شروع ہو رہا ہے۔

*27 This is the moral reasoning for the truth of the Hereafter. The difference of good and evil in morals and of goodness and wickedness in deeds necessarily demands that the good and the evil people should not meet with one and the same end, but the good should be rewarded for their good and the wicked punished for their evil deeds. Otherwise, if the good and the evil end up similarly, the distinction of virtue and vice in morals becomes meaningless and God becomes unjust. The people who follow evil ways in the world do want that there should be no accountability and no rewards and punishments, for this concept goes against their enjoyment of life, but it is against the justice and wisdom of the Lord of the worlds that He should treat the good and the evil alike, and should not care to see how the righteous believer has lived his life in the world and how the sinful unbeliever has been enjoying it. One of them kept himself subjected to moral restrictions all his life, rendered the rights of those to whom they were due, restrained himself from the unlawful benefits and pleasures, and continued to incur losses for the sake of the

**truth. The other fulfilled his desires in every possible wary, neither recognized the rights of God nor hesitated from violating the rights of the people, but went on collecting benefits and good things of life in every possible way. Can it be expected of God that He would overlook the difference between the lives of the two kinds of men? If the end of both be the same, no greater injustice could be conceived. (For further explanation, see Surah Younus, Ayat 4; Surah Houd, Ayat 106; Surah An-Nahl, Ayats 38 39; Surah Al-Hajj, E.N. 9, Surah An-Naml, E.N. 86, Surah Ar-Rum, Ayat 7-8; Surah Suad, Ayat 28; and E.N. 30 on it).**

27* یہ آخرت کے بر حق ہونے پر اخلاقی استدلال ہے۔ اخلاق میں خیر و شر اور اعمال میں نیکی و بدی کے فرق کا لازمی تقاضا یہ ہے کہ اچھے اور برے لوگوں کا انجام یکساں نہ ہوں، بلکہ اچھوں کو ان کی اچھائی کا اچھا بدلہ ملے اور برے اپنی برائی کا برا بدلہ پائیں۔ یہ بات اگر نہ ہو، اور نیکی و بدی کا نتیجہ ایک ہی جیسا ہو تو سرے سے اخلاق میں خوبی و برائی کی تمیز ہی بے معنی ہو جاتی ہے اور خدا پر بے انصافی کا الزام عائد ہوتا ہے۔ جو لوگ دنیا میں بدی کی راہ چلتے ہیں وہ تو ضرور یہ چاہتے ہیں کہ کوئی جزا و سزا نہ ہو، کیونکہ یہ تصور ہی ان کے عیش کو روک دینے والا ہے۔ لیکن خداوند عالم کی حکمت اور اس کے عدل سے یہ بات بالکل بعید ہے کہ وہ نیک و بد سے ایک جیسا معاملہ کرے اور کچھ نہ دیکھے کہ مومن صالح نے دنیا میں کس طرح زندگی بسر کی ہے اور کافر و فاسق یہاں کیا گل کھلاتا رہا ہے۔ ایک شخص عمر بھر اپنے اوپر خلاق کی پابندیاں لگائے رہا۔ حق والوں کے حق ادا کرتا رہا۔ نا جائز فائدوں اور لذتوں سے اپنے آپ کو محروم کیے رہا۔ اور حق و صداقت کی خاطر طرح طرح کے نقصانات برداشت کرتا رہا۔ دوسرے شخص نے اپنی خواہشات ہر ممکن طریقے سے پوری کیں، نہ خدا کا حق پہچانا اور نہ بندوں کے حقوق پر دست درازی کرنے سے باز آیا۔ جس طرح سے بھی اپنے لیے فائدے اور لذتیں سمیٹ سکتا تھا، سمیٹتا چلا گیا۔ کیا خدا سے یہ امید کی جا سکتی ہے کہ ان دونوں قسم کے آدمیوں کی زندگی کے اس فرق کو وہ نظر انداز کر دے گا؟ مرتے دم تک جن کا جینا یکساں نہیں رہا ہے، موت کے بعد اگر ان کا

انجام یکساں ہو تو خدا کی خدائی میں اس سے بڑھ کر اور کیا بے انصافی ہو سکتی ہے؟(مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، سورۃ یونس آیت 4، سورۃ ہود آیت 106 ، سورۃ النحل آیات 39-38 ، سورۃ الحج حاشیہ 9 ، سورۃ النمل حاشیہ 86 سورۃ الروم آیات 8-7، سورۃ ص، آیت 28۔ حاشیہ نمبر 30)

| | | |
|---|---|---|
| 22. And Allah created the heavens and the earth in truth, *28 and that may be recompensed every soul with what it has earned. And they will not be wronged. *29 | اور پیدا کیا ہے اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ *28 اور تاکہ بدلہ پائے ہر نفس اسکا جو اسنے کمایا اور ان پر نہیں ظلم کیا جائے گا۔ *29 | وَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَ لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ وَ هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ |

*28 That is, Allah has not created the earth and the heavens for mere sport, but it is a wise system with a purpose. In this system it is absolutely unimaginable that the people who may have accomplished good deeds by the right use of the powers and means and resources granted by Allah, and the people who may have spread mischief and wickedness by their wrong use, should end up ultimately in the dust after death, and there should be no life Hereafter in which their good and bad deeds should lead to good or bad results according to justice. If this were so, this universe would be the plaything of a thoughtless being, and not a purposeful system devised by a Wise Being. (For further explanation, see, Surah Al-Anaam: 73; Surah Younus, Ayats 5-6, Surah Ibrahim, Ayat 19, Surah An-Nahl, Ayat 3, Surah Al-Ankabut, Ayat 44 and E.Ns 75, 76; Surah Ar-Room, Ayat 8

and E.N. 6 on it).

28*یعنی اللہ تعالیٰ نے زمین اور آسمان کی تخلیق کھیل کے طور پر نہیں کی ہے بلکہ یہ ایک با مقصد حکیمانہ نظام ہے۔ اس نظام میں یہ بات بالکل ناقابل تصور ہے کہ اللہ کے دیے ہوئے اختیارات اور ذرائع و وسائل کو صحیح طریقہ سے استعمال کر کے جن لوگوں نے اچھا کارنامہ انجام دیا ہو، اور انہیں غلط طریقے سے استعمال کر کے جن دوسرے لوگوں نے ظلم و فساد برپا کیا ہو، یہ دونوں قسم کے انسان آخر کار مر کر مٹی ہو جائیں اور اس موت کے بعد کائنات ایک کھلنڈرے کا کھلونا ہوگی نہ کہ ایک حکیم کا بنایا ہوا با مقصد نظام (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن سورۃ الانعام آیت 73، سورۃ یونس آیات 6-5 سورۃ ابراھیم آیت 19، سورۃ النحل آیت 3، سورۃ العنکبوت آیت 44 حاشیہ 76-75 ، سورۃ الروم آیت 8 حاشیہ 6)۔

*29 In this context the sentence clearly means: If the good people are not rewarded for their goodness, and the wicked are not punished for their wickedness, and the grievances of the oppressed are not redressed, it would be injustice. There cannot be such an injustice in the kingdom of God. Likewise, there cannot also be the other kind of injustice that a good man be given a lesser reward than what is due to him, or a bad man be given a greater punishment than what he deserves.

29*اس سیاق و سباق میں اس فقرے کا صاف مطلب یہ ہے کہ اگر نیک انسانوں کو ان کی نیکی کا اجر نہ ملے، اور ظالموں کو ان کے ظلم کی سزا نہ دی جائے، اور مظلوموں کی کبھی داد رسی نہ ہو تو یہ ظلم ہو گا۔ خدا کی خدائی میں ایسا ظلم ہرگز نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح خدا کے ہاں ظلم کی یہ دوسری صورت بھی کبھی رونما نہیں ہو سکتی کہ کسی نیک انسان کو اس کے استحقاق سے کم اجر دیا جائے، یا کسی بد انسان کو اس کے استحقاق سے زیادہ سزا دے دی جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| 23. Have you seen him who has taken | کیا تم نے دیکھا اسکو جس نے بنا لیا | اَفَرَءَيۡتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ |

| | | |
|---|---|---|
| as his god[*30] his desire. And Allah sent him astray[*31] despite knowledge, and has set a seal upon his hearing and his heart, and put on his sight a covering. [*32] Then who is there who will guide him after Allah. Will you not then heed. [*33] | اپنا معبود[*30] اپنی خواہش کو۔ اور گمراہ کردیا اسکو اللہ نے[*31] علم کے باوجود اور مہر لگا دی اسکے کانوں پر اور اسکے دل پر اور ڈال دیا اسکی آنکھوں پر پردہ[*32]۔ سو کون ہے جو اسکو ہدایت دے اللہ کے بعد ۔ تو کیا نہیں تم غور کرتے۔[*33] | هَوٰىهُ وَ اَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلۡمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمۡعِهٖ وَ قَلۡبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنۡ يَّهۡدِيۡهِ مِنۡۢ بَعۡدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ ﴿۲۳﴾ |

*30 "Desire his god" implies that one should become a slave of his lusts and desires. He should do whatever he likes whether God has forbidden it, and should not do what he dislikes, whether God has made it obligatory. When a man starts obeying somebody like this, it means that his deity is not God but the one whom he is obeying without question, no matter whether he calls him his lord (with the tongue) or not, and carves out an image of him and worship him or not. For when he has worshiped him directly without question, it is enough to make him a deity and after this practical shirk one cannot be absolved from the guilt of shirk only because he did not call the object of his worship as his deity with the tongue, nor prostrated himself before it. The major commentators also have given the same commentary of this verse. Ibn Jarir says: The forbidden things by Allah are forbidden. He does not regard the

things made lawful by Him as lawful. Abu Bakr al-Jassas gives this meaning: He obeys his desires as one should obey his God. Zamakhshari explains it, thus: He is obedient to the desires of his self. He follows his self wherever it beckons him, as if he serves him as one should serve his God. (For further explanation, see E.N. 56 of Surah Al-Furqan; E.N. 63 of Surah Saba; E.N. 53 of Surah YaSeen, and E.N. 38 of Surah Ash-Shura).

30*خواہش نفس کو خدا بنا لینے سے مراد یہ ہے کہ آدمی اپنی خواہش کا بندہ بن کر رہ جائے۔ جس کام کو اس کا دل چاہے اسے کر گزرے، خواہ خدا نے اسے حرام کیا ہو، اور جس کام کو اس کا دل نہ چاہے اسے نہ کرے، خواہ خدا نے اسے فرض کر دیا ہو۔ جب آدمی اس طرح کسی کی اطاعت کرنے لگے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ اس کا معبود خدا نہیں ہے بلکہ وہ ہے جس کی وہ اس طرح اطاعت کر رہا ہے، قطع نظر اس سے کہ وہ زبان سے اس کو اپنا اِلٰہ اور معبود کہتا ہو یا نہ کہتا ہو، اور اس کا بت بنا کر اس کی پوجا کرتا ہو یا نہ کرتا ہو۔ اس لیے کہ ایسی بے چوں چرا اطاعت ہی اس کے معبود بن جانے کے لیے کافی ہے اور اس عملی شرک کے بعد ایک آدمی صرف اس بناء پر شرک کے جرم سے بری نہیں ہو سکتا کہ اس نے اپنے اس مطاع کو زبان سے معبود نہیں کہا ہے اور سجدہ اس کو نہیں کیا ہے۔ اس آیت کی یہی تشریح دوسرے اکابر مفسرین نے بھی کی ہے۔ ابن جریر اس کا مطلب یہ بیان کرتے ہیں کہ "اس نے اپنی خواہش نفس کو معبود بنا لیا۔ جس چیز کی نفس نے خواہش کی اس کا ارتکاب کر گزرا۔ نہ اللہ کے حرام کیے ہوئے کو حرام کیا، نہ اس کے حلال کیے ہوئے کو حلال کیا۔" ابوبکر جصاص اس کے معنی یہ بیان کرتے ہیں کہ "وہ خواہش نفس کی اس طرح اطاعت کرتا ہے جیسے کوئی خدا کی اطاعت کرے"۔ زمخشری اس کی تشریح یوں کرتے ہیں کہ "وہ خواہش نفس کا نہایت فرمانبردار ہے۔ جدھر اس کا نفس اسے بلاتا ہے اسی طرف وہ چلا جاتا ہے، گویا وہ اس کی بندگی اس طرح کرتا ہے جیسے کوئی شخص اپنے خدا کی بندگی کرے۔" (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد سوم، ص 453۔ جلد چہارم، تفسیر سورۃ الفرقان حاشیہ 56، سورہ سبا حاشیہ 63، سورہ یٰس، حاشیہ 53۔ سورۃ الشوریٰ حاشیہ 38)

*31 The words *adalla hulla-huala ilm-in* may either mean: The person in spite of being knowledgeable was driven astray by Allah, for he had become a slave of his desires; or Allah, by virtue of His knowledge that he had made his desires as his god, drove him astray.

*31اصل الفاظ ہیں اَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰی عِلۡمٍ ۔ ایک مطلب ان الفاظ کا یہ ہوسکتا ہے کہ وہ شخص عالم ہونے کے باوجود اللہ کی طرف سے گمراہی میں پھینکا گیا، کیونکہ وہ خواہش نفس کا بندہ بن گیا تھا۔ دوسرا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اللہ نے اپنے اس علم کی بناء پر کہ وہ اپنے نفس کی خواہش کو اپنا خدا بنا بیٹھا ہے، اسے گمراہی میں پھینک دیا۔

*32 For the commentary of letting a person go astray and setting a seal upon his heart and ears and a covering on his eyes, see Surah Al-Baqarah, Ayats 7, 18; Surah Al-Anaam, Ayat 25 and E.N. 28; Surah Al-Aaraf, Ayat 100; Surah At-Taubah, Ayats 87, 93; Surah Younus, Ayat 74 and E.N. 73; Surah Ar-Raad, Ayat 27; Surah Ibrahim, Ayats 4, 27; Surah An-Nahl, Ayat 108; Surah Bani-Israil, Ayat 46; Surah Ar-Room, Ayat 59; Surah Fatir, Ayat 8 and E.Ns 16, 17, and E.N. 54 of Surah Al-Muminun).

*32اللہ کے کسی کو گمراہی میں پھینک دینے اور اس کے دل اور کانوں پر مہر لگا دینے اور اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دینے کی تشریح اس سے پہلے ہم متعدد مقامات پر اس کتاب میں کر چکے ہیں۔ ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، سورۃالبقرہ آیات 7،18 ، سورۃالانعام آیت 25 ، حاشیہ 28 ، سورۃالاعراف آیت 100، سورۃ التوبہ آیات 87-93 سورۃیونس آیت 74 حاشیہ 73 ، سورۃالرعد آیت 27 ، سورۃابراھیم آیات 4،27 ، سورۃالنحل آیت 108 4،27، سورۃالاسریٰ آیت 46 ، سورۃالروم آیت 59، سورۃالرعد آیت 27،46، سورۃفاطر، آیت 8، حواشی 16۔17، المومن، حاشیہ 54۔

***33 From the context in which this verse occurs, it becomes obvious that only those people deny the Hereafter, who want to serve their desires and who regard belief in the Hereafter as an obstacle to their freedom. Then, once they have denied the Hereafter, their servitude of the self goes on increasing and they go on wandering further into deviation. They commit every kind of evil without feeling any qualms. They do not hesitate to usurp the rights of others. They cannot be expected to restrain themselves when there is an opportunity for them to commit an excess or injustice only because of a regard for justice and truth in their hearts. The events and incidents that can serve as a warning for a man are witnessed by them too, but they draw the wrong conclusion that whatever they are doing is right and they should do the same. No word of advice moves them. No argument, which can stop a man from evil, appeals to them; but they go on devising and furnishing more and more arguments to justify their unbridled freedom, and their minds remain day and night engaged only in devising ways and means of fulfilling their own interests and desires in every possible way instead of engaging in a good thought. This is an express proof of the fact that the denial of the Hereafter is destructive for human morals. The only thing that can restrain man within the bounds of humanity is the feeling that man is not irresponsible but has to render an account of his deeds before God. Being devoid of this feeling, even if a person is highly learned, he cannot help adopting an attitude and behavior worse than that of the animals.**

*33 جس سیاق و سباق میں یہ آیت آئی ہے اس سے یہ بات خود بخود واضح ہو جاتی ہے کہ آخرت کا انکار دراصل وہی لوگ کرتے ہیں جو خواہشات نفس کی بندگی کرنا چاہتے ہیں اور عقیدہ آخرت کو اپنی اس آزادی میں مانع سمجھتے ہیں۔ پھر جب وہ آخرت کا انکار کر دیتے ہیں تو ان کی بندگی نفس اور زیادہ بڑھتی چلی جاتی ہے اور وہ اپنی گمراہی میں روز بروز زیادہ ہی بھٹکتے چلے جاتے ہیں۔ کوئی برائی ایسی نہیں ہوتی جس کے ارتکاب سے وہ باز رہ جائیں۔ کسی کا حق مارنے میں انہیں تامل نہیں ہوتا۔ کسی ظلم اور زیادتی کا موقع پا جانے کے بعد ان سے یہ توقع ہی نہیں کی جاسکتی کہ وہ اس سے صرف اس لیے رک جائیں گے کہ حق و انصاف کا کوئی احترام ان کے دلوں میں ہے جن واقعات کو دیکھ کر کوئی انسان عبرت حاصل کر سکتا ہے، وہی واقعات ان کی آنکھوں کے سامنے بھی آتے ہیں، مگر وہ ان سے الٹا یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ ہم جو کچھ کر رہے ہیں اور ہمیں یہی کچھ کرنا چاہیے۔ کوئی کلمہ نصیحت ان پر کارگر نہیں ہوتا۔ جو دلیل بھی کسی انسان کو برائی سے روکنے کے لیے مفید ہو سکتی ہے، وہ ان کے دل کو اپیل نہیں کرتی، بلکہ وہ ڈھونڈ ڈھونڈ کر ساری دلیلیں اپنی اسی بے قید آزادی کے حق میں نکالتے چلے جاتے ہیں، اور ان کے دل و دماغ کسی اچھی فکر کے بجائے شب و روز اپنی اغراض و خواہشات ہر ممکن طریقے سے پوری کرنے کی ادھیڑبن ہی میں لگے رہتے ہیں۔ یہ اس بات کا صریح ثبوت ہے کہ عقیدہ آخرت کا انکار انسانی اخلاق کے لیے تباہ کن ہے۔ آدمی کو آدمیت کے دائرے میں اگر کوئی چیز رکھ سکتی ہے تو وہ صرف یہ احساس ہے کہ ہم غیر ذمہ دار نہیں ہیں بلکہ ہمیں خدا کے حضور اپنے اعمال کی جوابدہی کرنی ہوگی۔ اس احساس سے خالی ہو جانے کے بعد کوئی شخص بڑے سے بڑا عالم بھی ہو تو وہ جانوروں سے بدتر رویہ اختیار کیے بغیر نہیں رہتا۔

| | | |
|---|---|---|
| وَ قَالُوۡا مَا هِیَ اِلَّا حَیَاتُنَا الدُّنۡیَا نَمُوۡتُ وَ نَحۡیَا وَ مَا یُهۡلِكُنَاۤ اِلَّا الدَّهۡرُ ۚ وَ مَا لَهُمۡ بِذٰلِكَ مِنۡ عِلۡمٍ ۚ اِنۡ | اور وہ کہتے ہیں کہ نہیں یہ مگر ہماری زندگی دنیا کی ۔ ہم مرتے ہیں اور ہم جیتے ہیں اور نہیں ہلاک کر دیتا ہے ہمیں مگر زمانہ ۔ اور نہیں انکو اس کا کچھ علم ۔ نہیں یہ مگر قیاس | 24. And they say: There is nothing but our life of the world, we die and we live, and nothing destroys us except time. |

| | | |
|---|---|---|
| And they do not have of it any knowledge. They do not but guess.*34 | کرتے ہیں۔*34 | هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۝٢٤ |

*34 This is, there is no means of knowledge by which they might have known with certainty that after this life there is no other life for man, and that man's soul is not seized by the command of God, but he dies and perishes merely in the course of time. The deniers of the Hereafter say these things not on the basis of any knowledge but on mere conjecture. The maximum that they could say scientifically is: We do not know whether there is any life after death or not; but they cannot say: We know that there is no other life after this life. Likewise, they cannot make the claim of knowing scientifically that man's soul is not seized by God's command but he perishes after death just like a watch which suddenly stops functioning. The most they can say is just this: We do not know what exactly happens in either case. Now the question is: When to the extent of the means of human knowledge there is an equal possibility of there being life after death or there being no life after death, and the soul's being seized by Allah's command, or man's dying of himself in the course of time, what is the reason that these people abandon the probability of the possibility of the Hereafter and give their judgment in favor of its denial? Do they have any other reason than this that they, in fact, decide this question on the basis of their desire and not by any argument? As they do not like that there should be any life after death and death should mean

total annihilation and not seizure of the soul by Allah's command, they make their heart's desire their creed and deny the other probability.

34*یعنی کوئی ذریعہ علم ایسا نہیں ہے جس سے ان کو یہ معلوم ہوگیا ہو کہ اس زندگی کے بعد انسان کے لیے کوئی دوسری زندگی نہیں ہے، اور یہ بات بھی انہیں معلوم ہو گئی ہو کہ انسان کی روح کسی خدا کے حکم سے قبض نہیں کی جاتی ہے بلکہ آدمی محض گردش ایام سے مر کر فنا ہو جاتا ہے۔ منکرین آخرت یہ باتیں کسی علم کی بناء پر نہیں بلکہ محض گمان کی بناء پر کرتے ہیں۔ علمی حیثیت سے اگر وہ بات کریں تو زیادہ سے زیادہ جو کچھ کہہ سکتے ہیں وہ بس یہ ہے کہ "ہم نہیں جانتے کہ مرنے کے بعد کوئی زندگی ہے یا نہیں"، لیکن یہ ہرگز نہیں کہہ سکتے کہ "ہم جانتے ہیں کہ اس زندگی کے بعد کوئی دوسری زندگی نہیں ہے۔" اسی طرح علمی طریقہ پر وہ یہ جاننے کا دعویٰ نہیں کر سکتے کہ آدمی کی روح خدا کے حکم سے نکالی نہیں جاتی ہے بلکہ وہ محض اس طرح مر کر ختم ہو جاتا ہے جیسے ایک گھڑی چلتے چلتے رک جائے۔ زیادہ سے زیادہ جو کچھ وہ کہہ سکتے ہیں وہ صرف یہ ہے کہ ہم ان دونوں میں سے کسی کے متعلق یہ نہیں جانتے کہ فی الواقع کیا صورت پیش آتی ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ جب انسانی ذرائع علم کی حد تک زندگی بعد موت کے ہونے یا نہ ہونے، اور قبض روح واقع ہونے یا گردش ایام سے آپ ہی آپ مر جانے کا یکساں احتمال ہے، تو آخر کیا وجہ ہے کہ یہ لوگ امکان آخرت کے احتمال کو چھوڑ کر حتمی طور پر انکار آخرت کے حق میں فیصلہ کر ڈالتے ہیں۔ کیا اس کی وجہ اس کے سوا کچھ اور ہے کہ دراصل اس مسئلے کا آخری فیصلہ وہ دلیل کی بناء پر نہیں بلکہ اپنی خواہش کی بناء پر کرتے ہیں؟ چونکہ اس کا دل یہ نہیں چاہتا کہ مرنے کے بعد کوئی زندگی ہو اور موت کی حقیقت نیستی اور عدم نہیں بلکہ خدا کی طرف سے قبض روح ہو، اس لیے وہ اپنے دل کی مانگ کو اپنا عقیدہ بنا لیتے ہیں اور دوسری بات کا انکار کر دیتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| وَ اِذَا تُتۡلٰی عَلَیۡهِمۡ اٰیٰتُنَا بَیِّنٰتٍ مَّا کَانَ حُجَّتَهُمۡ اِلَّاۤ | اور جب پڑھی جاتی ہیں انکے سامنے ہماری واضح آیات *35 نہیں ہوتی انکی حجت مگر یہ کہ وہ | 25. An when are recited to them Our clear verses, *35 none is their |

| | | |
|---|---|---|
| أَنْ قَالُوا ائْتُوا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ | کہتے ہیں لے آؤ ہمارے باپ دادا کو اگر تم ہو سچے۔ *36 | argument except that they say: Bring our forefathers, if you are truthful. *36 |

*35 "Our clear verses": the Revelations in which strong arguments have been given for the possibility of the Hereafter and in which it has been stated that its occurrence is the demand of both wisdom and justice, and its non-occurrence renders the whole system of the universe meaningless and absurd.

*35یعنی وہ آیات جن میں آخرت کے امکان پر مضبوط عقلی دلائل دیے گئے ہیں، اور جن میں یہ بتایا گیا ہے کہ اس کا ہونا عین حکمت وانصاف کا تقاضا ہے اور اس کے نہ ہونے سے یہ سارا نظام عالم بے معنی ہو جاتا ہے۔

*36 In other words, what they meant to say was: When somebody tells them that there is life after death, he must raise a dead person from the grave and present him before them. And if this is not done, they cannot believe that the dead would ever be raised to life once again at some time in the future, whereas nobody ever told them that the dead would be raised to life in this world as and when required separately, but what was said was: On the Day of Resurrection Allah will raise all human beings to life simultaneously and will subject them to accountability and punish and reward them accordingly.

*36دوسرے الفاظ میں ان کی اس حجت کا مطلب یہ تھا کہ جب کوئی ان سے یہ کہے کہ موت کے بعد دوسری زندگی ہوگی تو اسے لازماً قبر سے ایک مردہ اٹھا کر ان کے سامنے لے آنا چاہیے۔ اور اگر ایسا نہیں کیا جاتا

تو وہ یہ نہیں مان سکتے کہ مرے ہوئے انسان کسی وقت از سر نو زندہ کر کے اٹھائے جانے والے ہیں۔ حالانکہ یہ بات کسی نے بھی ان سے نہیں کہی تھی کہ اس دنیا میں متفرق طور پر وقتاً فوقتاً مردوں کو دوبارہ زندہ کیا جاتا رہے گا۔ بلکہ جو کچھ کہا گیا تھا وہ یہ تھا کہ قیامت کے بعد اللہ تعالیٰ بیک وقت تمام انسانوں کو از سر نو زندہ کرے گا اور ان سب کے اعمال کا محاسبہ کر کے جزا اور سزا کا فیصلہ فرمائے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| قُلِ اللّٰهُ يُحۡيِيۡكُمۡ ثُمَّ يُمِيۡتُكُمۡ ثُمَّ يَجۡمَعُكُمۡ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۶﴾ | کہدو کہ اللہ تمکو زندگی بخشتا ہے پھر تمکو موت دیتا ہے *37 پھر وہ تمکو جمع کرے گا قیامت کے روز نہیں ہے کچھ شک جسکے بارے میں *38 لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے۔ *39 | 26. Say, Allah gives you life, then causes you to die, *37 then He will gather you on the Day of Resurrection, there is no doubt about which. *38 But most of mankind do not know. *39 |

*37 This is the answer to their saying that death comes to man automatically in the course of time. It means: Neither you get life accidentally nor your death occurs automatically. It is God Who gives you life and it is He Who takes it away.

*37 یہ جواب ہے ان کی اس بات کا کہ موت گردش ایام سے آپ ہی آپ آجاتی ہے۔ اس پر فرمایا جا رہا ہے کہ نہ تمہیں زندگی اتفاقاً ملتی ہے، نہ تمہاری موت خود بخود واقع ہو جاتی ہے۔ ایک خدا ہے جو تمہیں زندگی دیتا ہے اور وہی اسے سلب کرتا ہے۔

*38 This is the answer to their demand: Bring back our forefathers if you are truthful. To this it has been said: This will not happen now separately for individuals, but a Day has been fixed for gathering all mankind together.

*38 یہ جواب ہے ان کی اس بات کا کہ اٹھا لاؤ ہمارے باپ دادا کو۔ اس پر فرمایا جا رہا ہے کہ یہ اب نہیں ہو گا، اور متفرق طور پر نہیں ہو گا، بلکہ ایک دن سب انسانوں کے جمع کرنے کے لیے مقرر ہے۔

*39 That is, it is lack of knowledge and right understanding which is the real cause of the people's denying the Hereafter; otherwise it is not its coming but its not coming which is against reason. If a person reflects rightly on the system of the universe and on his own self, he will himself realize that there can be no doubt about the coming of the Hereafter.

*39 یعنی جہالت اور قصور فکر و نظر ہی لوگوں کے انکار آخرت کا اصل سبب ہے، ورنہ حقیقت میں تو آخرت کا ہونا نہیں بلکہ، اس کا نہ ہونا بعید از عقل ہے۔ کائنات کے نظام اور خود اپنے وجود پر کوئی شخص صحیح طریقہ سے غور کرے تو اسے خود محسوس ہو جائے گا کہ آخرت کے آنے میں کسی شک کی گنجائش نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 27. And to Allah belongs the dominion of the heavens and the earth. *40 And the day the Hour is established, that day shall lose those who follow falsehood. | اور اللہ کی ہے حکومت آسمانوں اور زمین کی۔ *40 اور جس روز قائم ہو گی قیامت کی گھڑی اس روز خسارے میں پڑ جائیں گے اہل باطل۔ | وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۲۷﴾ |

*40 In view of the context, this sentence by itself gives the meaning that it is not at all beyond the power of God Who is ruling over this great and marvelous universe that He should bring the human beings whom He has created in the first instance back into existence once again.

*40 سیاق و سباق کو نگاہ میں رکھ کر دیکھا جائے تو اس فقرے سے خود بخود یہ مفہوم نکلتا ہے کہ جو خدا اس عظیم الشان کائنات پر فرمانروائی کر رہا ہے اس کی قدرت سے یہ بات ہرگز بعید نہیں ہے کہ جن انسانوں کو وہ پہلے پیدا کرچکا ہے انہیں دوبارہ وجود میں لے آئے۔

| | | |
|---|---|---|
| 28. And you will see every nation humbled on their knees, *41 every nation will be called to its record of deeds. This day you will be recompensed of what you used to do. | اور دیکھو گے تم ہر امت کو گھٹنوں کے بل گری ہوئی *41۔ ہر فرقے کو پکارا جائے گا اسکی کتاب اعمال کی طرف ۔ آج کے دن تمکو بدلہ دیا جائے گا اس کا جو تم کرتے رہے ہو۔ | وَ تَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۫ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰۤى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ |

*41 That is, the dread and terror of the Plain of Resurrection and the awe of the divine court will be such that it will break the stubbornness of the most arrogant and boastful people, and everyone will be found fallen on his knees humbly.

*41 یعنی وہاں میدان حشر کا ایسا ہول اور عدالت الٰہی کا ایسا رعب طاری ہو گا کہ بڑے بڑے ہیکڑ لوگوں کی اکڑ بھی ختم ہو جائے گی اور عاجزی کے ساتھ سب گھٹنوں کے بل گرے ہوں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| 29. This, Our Book, speaks against you with truth. Indeed, We were recording what you used to do. *42 | یہ ہماری کتاب بیان کر دیگی تمہارے خلاف حق کے ساتھ ۔ بیشک ہم لکھ رہے تھے جو کچھ تم کرتے تھے۔ *42 | هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ |

*42 The only possible way of getting a thing recorded is not by means of the pen and paper only. Man himself has discovered in this world several other forms of recording human words and actions and reproducing them exactly and accurately; and we cannot even imagine what other possibilities of it lie yet undiscovered, which man himself will discover and exploit in the future. Now, who can know how and by what means is Allah getting recorded man's every word, his every movement and action, even his hidden intentions and motives and desires and ideas, and how He will place before every man and every group and every nation his or its whole lifework accurately and exactly?

*42 لکھوانے کی صرف یہی ایک ممکن صورت نہیں ہے کہ کاغذ پر قلم سے لکھوایا جائے۔ انسانی اقوال و افعال کو ثبت کرنے اور دوبارہ ان کو بعینہ اسکی شکل میں پیش کر دینے کی متعدد دوسری صورتیں اسی دنیا میں خود انسان دریافت کر چکا ہے، اور ہم تصور بھی نہیں کر سکتے کہ آگے اس کے اور کیا امکانات پوشیدہ ہیں جو کبھی انسان ہی کی گرفت میں آجائیں گے۔ اب یہ کون جان سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کس کس طرح انسان کی ایک ایک بات، اور اس کی حرکات و سکنات میں سے ایک ایک چیز، اور اس کی نیتوں اور ارادوں اور خواہشات اور خیالات میں سے ہر مخفی سے مخفی شے کو ثبت کرا رہا ہے، اور کس طرح وہ ہر آدمی، ہر گروہ اور ہر قوم کا پورا کارنامہ حیات بے کم و کاست اس کے سامنے لا رکھے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| 30. Then, as for those who believed and did righteous deed so will admit them their Lord into His mercy. Such is that, the | پھر یہ کہ وہ لوگ جو ایمان لائے اور کرتے رہے نیک کام پس داخل کریگا انہیں ان کا رب اپنی رحمت میں ۔ یہی ہے وہ کھلی کامیابی ۔ | فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝ |

| | | |
|---|---|---|
| evident triumph. | | |
| 31. And as for those who disbelieved, (it will be said to them): Is it not that My verses were recited to you, but you were arrogant *43 and you were a criminal people. | اور یہ کہ وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (ان سے کہا جائے گا) کہ کیا نہیں میری آیات پڑھی جاتی تھیں تمہارے سامنے لیکن تم نے تکبر کیا *43 اور تم تھے مجرم لوگ۔ | وَ اَمَّا الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ۗ اَفَلَمۡ تَكُنۡ اٰيٰتِىۡ تُتۡلٰى عَلَيۡكُمۡ فَاسۡتَكۡبَرۡتُمۡ وَكُنۡتُمۡ قَوۡمًا مُّجۡرِمِيۡنَ ﴿۳۱﴾ |

*43 That is, you thought it was below your dignity to believe in Allah's revelations and submit to them, and considered yourselves to be above subjection and servitude.

*43یعنی اپنے گھمنڈ میں تم نے یہ سمجھا کہ اللہ کی آیات کو مان کر مطیع فرمان بن جانا تمہاری شان سے فروتر ہے، اور تمہارا مقام بندگی کے مقام سے بہت اونچا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 32. And when it was said: Indeed, Allah's promise is the truth, and the Hour, there is no doubt about it. You said: We do not know what the Hour is. Nor we deem it but a conjecture, and we are not those with certainty. *44 | اور جب کہا جاتا تھا بیشک اللہ کا وعدہ حق ہے اور قیامت کہ نہیں ہے کچھ شک اس کے بارے میں۔ تم نے کہا ہم نہیں جانتے کیا ہے قیامت ۔ نہ ہم سمجھتے ہیں اسکو مگر خیالی اور نہیں ہیں ہم یقین کرنیوالے۔ *44 | وَاِذَا قِيۡلَ اِنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيۡبَ فِيۡهَا قُلۡتُمۡ مَّا نَدۡرِىۡ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنۡ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحۡنُ بِمُسۡتَيۡقِنِيۡنَ ﴿۳۲﴾ |

***44** The people mentioned in verse 24 above were those who denied the Hereafter openly and absolutely, here those who are not sure of it although they do not deny its possibility because of conjecture. Apparently there is a vast difference between the two groups in that one of them denies the Hereafter absolutely and the other regards it as possible on the basis of conjecture. But as for the result and final end, there is no difference between them, for the moral consequences of the denial of the Hereafter and of lack of the faith in it are the same. A person, whether he disbelieves in the Hereafter or lacks faith in it, will in either case be inevitably devoid of the feeling of accountability before God, and this lack of feeling will necessarily involve him in the error and deviation of thought and action. Only faith and belief in the Hereafter can keep a man on the right track in the world. In the absence of it, both doubt and denial give him a similar attitude of irresponsibility, and since this same attitude of irresponsibility is the real cause of man's being doomed in the Hereafter, therefore neither the denier of it can escape Hell nor the one who lacks faith in it.

44*اس سے پہلے آیت 24 میں جن لوگوں کا ذکر گزر چکا ہے وہ آخرت کا قطعی اور کھلا انکار کرنے والے تھے۔ اوریہاں ان لوگوں کا ذکر کیا جا رہا ہے جو اس کا یقین نہیں رکھتے اگر چہ گمان کی حدتک اس کے امکان سے منکر نہیں ہیں۔ بظاہران دونوں گروہوں میں اس لحاظ سے بڑا فرق ہے کہ ایک بالکل منکر ہے اور دوسرا اس کے ممکن ہونے کا گمان رکھتا ہے۔ لیکن نیتجے اور انجام کے لحاظ سے ان دونوں میں کوئی فرق نہیں۔ اس لیے کہ آخرت کے انکار اور اس پر یقین نہ ہونے کے اخلاقی نتائج بالکل ایک جیسے ہیں۔ کوئی شخص خواہ آخرت کو نہ مانتا ہو، یا اس کا یقین نہ رکھتا ہو، دونوں صورتوں میں لازماً وہ خدا کے سامنے اپنی جواب دہی کے

احساس سے خالی ہو گا، اور یہ عدم احساس اس کو لازماً فکر و عمل کی گمراہیوں میں مبتلا کر کے رہے گا۔ صرف آخرت کا یقین ہی دنیا میں آدمی کے رویے کو درست رکھ سکتا ہے۔ یہ اگر نہ ہو تو شک اور انکار، دونوں اسے ایک ہی طرح کی غیر ذمہ دارانہ روش پر ڈال دیتے ہیں۔ اورچونکہ یہی غیر ذمہ دارانہ روش آخرت کی بدانجامی کا اصل سبب ہے، اس لیے دوزخ میں جانے سے نہ انکار کرنے والا بچ سکتا ہے، نہ یقین نہ رکھنے والا۔

| | | |
|---|---|---|
| وَ بَدَا لَهُمۡ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوۡا وَحَاقَ بِهِمۡ مَّا كَانُوۡا بِهٖ يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ﴿۳۳﴾ | اور ظاہر ہو جائیں گی *45 ان پر برائیاں انکی جو اعمال انہوں نے کیے اور مسلط ہو جائیگا انپر وہ جسکا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ | 33. And will appear to them*45 the evils of what they did, and will befall them that which they used to ridicule. |

*45 That is, there they will come to know that their ways of behavior, their practices and manners, and their actions and pastimes, which they regarded as very good in the world were, in fact, very bad: they had committed a basic mistake in thinking that they were not answerable to anyone, and this had rendered their entire lifework fruitless and vain.

*45 یعنی وہاں ان کو پتہ چل جائے گا کہ اپنے جن طور طریقوں اور عادات و خصائل اور اعمال و مشاغل کو وہ دنیا میں بہت خوب سمجھتے تھے وہ سب ناخوب تھے۔ اپنے آپ کو غیر جوابدہ فرض کر کے انہوں نے ایسی بنیادی غلطی کر ڈالی جس کی وجہ سے ان کا پورا کارنامہ حیات ہی غلط ہو کر رہ گیا۔

| | | |
|---|---|---|
| وَقِيۡلَ الۡيَوۡمَ نَنۡسٰىكُمۡ كَمَا نَسِيۡتُمۡ لِقَآءَ يَوۡمِكُمۡ هٰذَا وَمَاۡوٰىكُمُ النَّارُ وَ مَا لَكُمۡ | اور کہا جائے گا کہ آج ہم بھلا دیں گے تمہیں جس طرح تم نے بھلا رکھا تھا پیشی کو اپنے اس دن کی۔ | 34. And it will be said: This day We will forget you, as you forgot the meeting of this |

| | | |
|---|---|---|
| day of yours, and your abode is the Fire. And none are there for you any helpers. | اور تمہارا ٹھکانہ دوزخ ہے اور نہیں ہیں تمہارے کوئی مددگار۔ | مِّنۡ نّٰصِرِيۡنَ ﴿۳۴﴾ |
| 35. That is because you took the verses of Allah in ridicule, and deceived you the life of the world. So that day, they shall not be taken out from it, nor will their repentance be accepted. *46 | یہ اس لئے کہ تم نے بنا رکھا تھا اللہ کی آیتوں کا مذاق اور دھوکے میں ڈال رکھا تھا تمکو دنیا کی زندگی نے۔ سو اس دن نہ نکالے جائیں گے وہ اسمیں سے اور نہ انکی توبہ قبول کی جائیگی۔ *46 | ذٰلِكُمۡ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذۡتُمۡ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّ غَرَّتۡكُمُ الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا ۚ فَالۡيَوۡمَ لَا يُخۡرَجُوۡنَ مِنۡهَا وَ لَا هُمۡ يُسۡتَعۡتَبُوۡنَ ﴿۳۵﴾ |

*46 This last sentence depicts the manner of a master who after rebuking some of his servants turns to others and says: Well, these wretched people now deserve such and such punishment!

*46 یہ آخری فقرہ اس انداز میں ہے جیسے کوئی آقا اپنے کچھ خادموں کو ڈانٹنے کے بعد دوسروں سے خطاب کر کے کہتا ہے کہ اچھا، اب ان نالائقوں کی یہ سزا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 36. Then, to Allah belongs all the praise, Lord of the heavens, and Lord of the earth, Lord of the Worlds. | پس اللہ کے لئے ہے سب تعریف جو رب ہے آسمانوں کا اور رب ہے زمین کا۔ رب ہے تمام جہانوں کا۔ | فَلِلّٰهِ الۡحَمۡدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الۡاَرۡضِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۳۶﴾ |

| | | |
|---|---|---|
| 37. And to Him belongs the Majesty in the heavens and the earth, and He is the All Mighty, the All Wise. | اور اسی کے لئے ہے کبریائی آسمانوں میں اور زمین میں۔ اور وہ غالب ہے حکمت والا ہے۔ | وَ لَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٣٧﴾ |